


پروجیکٹ

# ”۵۰۰/تحریکی اقوالِ زرّین و ۱۰۰۰/اشعار“

## انقلابی سوچ‘ تڑپ و عمل

مرتب

عبدالحمید خان غضنفر (معاون مدرّس)

اَلعُظْمَتہِ اللہِ

# اعتبار نیوز

یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

ناندیڑ نیوز | ریاستی | قومی خبریں | مضامین | ادبی | اسلامی | تحریک طالب علم

https://aitebarnews.com

## عبدالحمید خان غضنفر (معاون مدرّس) کی تخلیقات وانتخاب

## تحریک طالب علم کے تحت

## آن لائن ''اعتبار'' نیوز پورٹل پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

## تحریک طالب علم

☆ تحریکی شخصیات ☆ اقوالِ زرین ☆ شاعری

☆ لطائف ☆ حیرت انگیز معلومات ☆ جنرل نالج

☆ کریئر وگائیڈنس ☆ ریاستی وقومی اسکیمات ☆ متفرق

طلباء وطالبات اور نئے قلمکار اپنی تخلیقات ومراسلہ جات آن لائن ''اعتبار نیوز'' پورٹل پر شائع کرنے کیلئے

aitebarnews@gmail.com یا واٹس ایپ نمبر 9028167307 پر روانہ کریں۔

☆☆☆

(پروجیکٹ)

# "۵۰۰ر تحریکی اقوالِ زرّین و ۱۰۰ر اشعار"

## انقلابی سوچ، تڑپ و عمل

مرتب

عبدالحمید خان غضنفرؔ (معاونِ مدرّس)


وفا بُک ڈِپو

ڈاکٹر سہیل احمد خان عقیل احمد خان صاحب

بھارت وِدیالیہ روڈ، نزد شاہی مسجد، سائی نگر، ناندیڑ ۴۳۱۶۰۴ (مہاراشٹر)

موبائل نمبر: 9423435551,9657860288

| | | |
|---|---|---|
| پروجیکٹ کا نام | : | ''۵۰۰ ر تحریکی اقوالِ زرّین و ۱۰۰ ر اشعار، انقلابی سوچ' تڑپ و عمل'' |
| مرتب کردہ | : | عبدالحمید خان غضنفرؔ (معاوِن مدرّس) |
| اسکول کا نام و پتہ | : | ضلع پریشد پرائمری (اُردو) اسکول، جولہ پنچال، تعلقہ کلمنوری، ضلع ہنگولی ۴۳۱۷۰۱ (مہاراشٹر) |
| سرورق و کتابت | : | شیخ اکرم، ناندیڑ (موبائل نمبر 9028167307) |

# پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کا احسانِ عظیم ہے کہ اُس نے میرے پچھلے پروجیکٹوں کو توقع سے زیادہ کامیابی سے ہمکنار کیا ہے۔ میں اُن طلبہ و طالبات و قارئین کرام کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جنھوں نے اسے نہ صرف پسند کیا بلکہ میری حوصلہ افزائی بھی کی۔ اس سے تقویت پا کر میں نے خصوصاً طلبہ وطالبات کے لیے اپنا نیا پروجیکٹ ''۵۰۰ تحریکی اقوالِ زرّین و۱۰۰ اشعار'' انقلابی سوچ' تڑپ وعمل'' کو منظرِ عام پر لانے کی جسارت کی ہے۔

اس کے عنوان سے ہی پتہ چلتا ہے کہ یہ طلبہ وطالبات میں تعلیمی انقلاب برپا کرنے کے لیے ہی مرتب کیا گیا ہے۔ بعض طلبہ و طالبات اقوالِ زرّین سے' تو کوئی اشعار سے' اور بعض ان دونوں سے متاثر ہو کر اپنی زندگی میں انقلابی تبدیلی لانا چاہتے ہیں۔ ان سب کا خیال اس پروجیکٹ کو ترتیب دیتے وقت رکھا گیا ہے۔ اس پروجیکٹ کا مطالعہ کرنے کے بعد خود میں' قوم میں' ملک اور دُنیا میں طلبہ وطالبات تعلیمی انقلابی تبدیلی لائیں گے ایسی اُمید مَیں اُن سے کرتا ہوں۔

اس پروجیکٹ کو مرتب کرنے کے لیے بہت سے اخبارات میں خصوصاً روزنامہ'' انقلاب''، ممبئ، روزنامہ'' ہندوستان''، ممبئ سے بہت سے اقوالِ زرّین اور روزنامہ'' منصف'' حیدرآباد سے تحریکی مضامین سے اقوالِ زرّین لیے گئے ہیں اور پسندیدہ اشعار میں سے تحریکی اشعار کو منتخب کیا گیا ہے، رسائل میں ماہنامہ'' اُمنگ'' دہلی اور ماہنامہ'' پیام تعلیم''، نئ دہلی سے تحریکی اشعار کا انتخاب کیا گیا۔ یوٹیوب چینل سے ہندی کے تحریکی اقوالِ زرّین وتحریکی اشعار کا اُردو ترجمہ کیا گیا۔ واٹس ایپ اور اسٹیٹس سے اُردو' ہندی اور مراٹھی کے تحریکی اقوالِ زرّین و اشعار خصوصاً ہندی' مراٹھی کا اُردو میں ترجمہ کیا گیا۔ مَیں اُن تمام افراد جنھوں نے یہ تحریکی اقوالِ زرّین و اشعار تحریر کیے ہیں یا منتخب کئے ہیں مَیں اُن کا قلب صمیم سے مشکور و ممنون ہوں کہ ان تمام افراد کی مدد مجھے اس پروجیکٹ کو ترتیب دینے میں معاون ثابت ہوئی۔ پروجیکٹ میں شامل تحریکی اشعار کو آپ

خالص ادبی نقطۂ نظر وقواعد پر نہ پرکھتے ہوئے اسے صرف طلبہ وطالبات کی تحریکی کسوٹی پر پرکھیے۔ مطلب کوئی شخص شاعر نہ ہوتے ہوئے بھی اپنے خیالات کوشعر کی شکل دے دیتا ہے، اس پروجیکٹ میں شامل بہت سے اشعار ہندی سے ہیں، کچھ آزاد نظم سے' اور کچھ آزاد خیالات پر مبنی ہیں، اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

زیر نظر پروجیکٹ کو ترتیب دیتے ہوئے اس بندۂ حقیر سے کچھ خامی ونقائص سرزد ہو گئے ہوں تو آپ سے پُرخلوص التماس ہے کہ اسے ضرور بہ ضرور ہمارے گوشۂ اصلاح تک رسائی کروائیں تاکہ پروجیکٹ خامیوں ونقائص سے پاک رہے۔

میں اُن تمام حضرات' افرادِ خاندان' دوست واحباب' عزیز واقارب' معلمین' اسکول کا عملہ اور جنھوں نے اس پروجیکٹ کو تیار کرنے میں میری رہبری' رہنمائی' اصلاح' حوصلہ افزائی و تعاون کیا اور اپنے مفید مشوروں سے نوازا، اُن تمام کا مشکور وممنون ہوں۔

آخر میں آپ تمام طلبہ وطالبات اور قارئین کرام سے دُعا کی درخواست کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس انقلابی پروجیکٹ کو طلبہ وطالبات کے جذبۂ اُمنگ کو اُبھار کر کامیابی وترقی کے جوق در جوق زینے کو عبور کرنے کا ذریعہ بنائے اور میری اس ادنیٰ سی تحریک کو میرے لیے توشۂ آخرت کا ذریعہ بنا دے۔ نیز والدہ محترمہ ومحترم المقام والد جناب قادر خان صاحب مرحوم اور برادرِ حقیقی جناب نور خان صاحب مرحوم کی مغفرت فرما کر انھیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے، آمین ثم آمین۔

دعاؤں کا طالب

مرتب

عبدالحمید خان غضنفرؔ (معاوِن مدرّس)

# ۵۰۰ تحریکی اقوالِ زرّین و ۱۰۰ اشعار

## انقلابی سوچ، تڑپ و عمل

### حصہ (الف) ۵۰۰ تحریکی اقوالِ زرّین

- یقین مضبوط ہو تو اللہ کا ہر فیصلہ سکون دیتا ہے۔
- زندگی کے لیے دوڑیے۔
- اُٹھیے اور اپنی راہیں تلاش کیجیے۔
- کامیاب لوگوں میں جنون ہوتا ہے۔
- اپنی خوبیوں سے بیش قیمتی بنیں۔
- کامیابی کے لیے سفر ہے شرط۔
- سیکھو گے نہیں تو جیتو گے کیسے؟
- یقین ہو تو کئی راستے نکلتے ہیں!
- کامیاب لوگ ضدی ہوتے ہیں۔
- ناکامی کے اسباب اپنے اندر ہوتے ہیں۔
- جنونی لوگوں نے ہی تاریخ رقم کی ہے۔
- کامیابی کے لیے ''جنون'' ضروری ہے۔
- یاد رکھیں ہم اپنا حوصلہ خود ہوتے ہیں۔
- اچھی تعلیم ایک بہتر مستقبل کی بنیاد ہے۔
- اپنے خیالات کو صحیح سمت دکھایئے۔
- ہجوم کا حصہ نہیں ہجوم کی وجہ بنو۔

- کامیاب ہونے کے تین اُصول:

(۱) خود سے وعدہ (۲) محنت زیادہ (۳) مضبوط ارادہ۔

- ناکامی، آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔
- حالات نئی سوچ چاہتے ہیں۔
- طلبہ اپنے زندگی کے مقصد کا تعین کریں۔
- کامیابی کو وقت اور محنت دونوں چاہیے۔
- منزل کی جستجو ہے تو جاری رہے سفر۔
- کتابوں سے دوستی کیجیے اور مستقبل سنواریں۔
- میں دُنیا کو دیکھنے نہیں دِکھانے آیا ہوں۔
- مطالعہ کی کثرت ترقی کی ضمانت ہے۔
- اقبالؒ کے شاہین کس رُخ پر گامزن ہیں؟
- کچھ علم ہے کہ ہم ہیں کہاں، زندگی ہے کیا؟
- وقت انسان کی زندگی کا گراں قدر سرمایہ ہے۔
- کتاب کا مطالعہ آپ کی دماغی طاقت کو بڑھاتا ہے۔
- طلباء کی زندگی میں تعلیم انقلابی تبدیلی لاسکتی ہے۔
- علم ایک ایسا چراغ ہے جو انسان کو روشنی دیتا ہے۔
- محنت تو کرنی پڑے گی آج نہیں تو کل۔
- خوداعتمادی کامیابی و ترقی کی ضامن ہوتی ہے۔
- سوچ وہ ہی جو کامیابی کے دروازے کھول دے۔
- آج جن کے لیے مذاق ہو کل اُن کے لیے مثال بھی بنو۔

- آپ آغاز سے نہیں انجام سے پہچانے جاتے ہیں۔
- جو گرنے سے ڈرتے ہیں وہ کبھی اُڑان نہیں بھرتے۔
- ہر وہ آواز دبانی ہے جس نے کہا تھا تم سے نہیں ہوگا۔
- ہر چھوٹا بدلاؤ بڑی کامیابی کا حصہ ہوتا ہے۔
- جس کے پاس صبر ہے وہ جو چاہے وہ پا سکتا ہے۔
- قسمت موقع دیتی ہے پر محنت چونکا دیتی ہے۔
- دوسرا موقع بس کہانیاں دیتی ہیں زندگی نہیں!
- گھر والوں نے نام دیا، اب تم اپنی پہچان بناؤ۔
- کامیابی صرف کہنے سے نہیں کڑی محنت کرنے سے ملتی ہے۔
- اگر کوئی جدوجہد نہیں ہے تو کوئی ترقی نہیں ہے۔
- کامیاب لوگ یہ چار باتیں کبھی نہیں بولتے:

  (۱) لوگ کیا کہیں گے؟

  (۲) مجھ سے نہیں ہوگا۔

  (۳) میرا موڈ نہیں ہے۔

  (۴) میری تو قسمت ہی خراب ہے۔
- ناممکن کو بھی ممکن صرف آپ کی سوچ بناتی ہے۔
- تمام کامیاب لوگ اپنی کامیابی کے بارے میں سوچتے ہیں۔
- اس دُنیا میں ہر کامیابی طویل المدتی محنت مانگتی ہے۔
- سو بار گرو لیکن جب اُٹھو تو دُنیا سلام کریں۔
- حوصلہ ہی ہے جو ہمیں اپنی منزل تک لے کر جاتا ہے۔

- نیند کیسے آئے گی خواب ادھورے ہیں ابھی۔
- وہ منزل ہی کیا جس میں مشکلیں نہ آئے۔
- مسکرا کر مسائل سے لڑنا سیکھو جیت تمہاری پکی ہے۔
- تم صرف محنت کرو تمہاری کامیابی شور مچائے گی۔
- کتاب کا ہر حصہ مستقبل کو روشن بناتا ہے۔
- کل کو سنوارنے کے لیے ''آج'' کو بہتر بنائیں۔
- اپنی زندگی میں تبدیلی آپ کو خود لانی ہوگی۔
- مطالعہ روح کی غذا اور درد کی دوا ہے۔
- فیصلے کی مضبوطی سے ہی پھل ملتا ہے۔
- اگر آپ کل گر گئے تھے تو آج کھڑے ہو جائیے۔
- مشکل گھڑیاں ہی سبق آموز ہوتی ہے۔
- زندگی گزارنے کے ۶/اُصول:

(۱) دُعا سے پہلے، یقین کرنا سیکھو!

(۲) بولنے سے پہلے، سننا سیکھو!

(۳) خرچ کرنے سے پہلے، کمانا سیکھو!

(۴) لکھنے سے پہلے، سوچنا سیکھو!

(۵) ارادہ ملتوی کرنے سے پہلے ایک اور کوشش کرنا سیکھو!

(۶) اور مرنے سے پہلے، جینا سیکھو!

- کر دکھاؤ کچھ ایسا، دُنیا کرنا چاہے تمہارے جیسا۔
- ناکامی سے گھبرا کر پیچھے ہٹنے والا کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

- ''عزم اور حوصلہ'' کسی بھی ہدف (نشانہ، زد) کی تکمیل کیلئے لازمی ہے۔
- مسلسل محنت، جذبہ اور پختہ ارادہ سے کامیابی یقینی ہے۔
- سب کے سامنے تعریف سے کسی کی زندگی بدل سکتی ہے۔
- انسان وہی مضبوط ہوتا ہے جو سو بار گر کر بھی سو بار اُٹھے۔
- تعلیم یافتہ نوجوان ہی بدل سکتے ہیں معاشرے کا مستقبل۔
- کامیابی کوئی شے نہیں جسے پیسے سے خریدا جا سکے۔
- علم ایسی طاقت ہے جس سے جاہل آدمی عقل مند ہو جاتا ہے۔
- مطالعہ ہماری فکر کو وسعت اور گہرائی عطا کرتا ہے۔
- گر کر اُٹھنے والے انسان ہی تاریخ رقم (لکھنا، تحریر کرنا) کرتے ہیں۔
- تبدیلی کیسے ممکن ہے؟ تبدیلی ہمارے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہے۔
- اُس کام کی صلاحیت پیدا کرو جس کی دُنیا کو ضرورت ہے۔
- دُنیا کی عظیم کامیابیاں ناکامیوں کے بعد ہی حاصل ہوتی ہیں۔
- مثبت سوچ و فکر ہی کامیابی کی منزل تک لے جا سکتی ہے۔
- نیند اور جہالت جتنی گہری ہو گی جگانے والے پر اتنا ہی غصہ آئے گا۔
- رُتبہ اعزازات سمیٹنے کا نہیں بلکہ ان کے قابل ہونے کا نام ہے۔
- اپنی سمجھ کو بہتر بنانے اور اپنے نقطۂ نظر کو وسیع کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔
- طلبہ و طالبات تعلیم پر توجہ دیں اور سماج کی ترقی میں بھرپور حصہ ادا کریں۔
- صرف چاہنے سے کچھ نہیں ہو گا لیکن محنت سے سب کچھ ہو گا۔
- بڑا ہدف پانے کے لیے بس ایک مضبوط سوچ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- جس قوم کے نوجوان بیدار ہو جائیں تو اُس قوم کو کوئی شکست نہیں دے سکتا۔

- جو ہار سے آنکھ ملاتا ہے سمجھ لینا اُس کی جیت کی تیاری شروع ہو چکی ہے۔
- ہر شخص کا مقام اس کی دانشمندی اور ہنر مندی سے طے ہوتا ہے۔
- ہم ہارتے تبھی ہیں جب اپنا سو فیصد نہیں دیتے۔
- کبھی ہمت مت ہارنا دوست، نہ جانے تم کتنوں کی اُمید ہو۔
- دُنیا کی کوئی پریشانی آپ کے حوصلے سے بڑی نہیں ہے۔
- قسمت صرف محنت سے بدلتی ہے، بیٹھ کر سوچتے رہنے سے نہیں۔
- بات محنت کی ہوتی ہے ورنہ قسمت سب کی اچھی ہوتی ہے۔
- خود پر بھروسہ رکھو اور محنت کرو، دِن بُرے ہیں زندگی نہیں۔
- ایک دن اپنے آپ پر فخر کرنا ہے تو آج ہار مت مانو!
- کتابوں کو اپنا گھر بنالو آپ اُن کو پہچان نہیں پا رہے ہو۔
- بس تم رُکنا مت اپنے سبھی خوابوں کو پورا کرلو گے۔
- جدو جہد جتنی مشکل ہوگی جیت اُتنی ہی شاندار ہوگی۔
- جتنی مشکل پڑھائی کروگے مستقبل اُتنا ہی آسان ہوگا۔
- محنت اِتنی خاموشی سے کرو کہ کامیابی شور مچا دے۔
- اندازہ طاقت کا لگایا جاسکتا ہے حوصلہ کا نہیں۔
- لاکھوں کلومیٹر کا سفر ایک قدم سے ہی شروع ہوتا ہے۔
- مشکل حالات سے سبق لے کر خود کو تعلیم سے جوڑ کر اپنی ترقی کی راہیں ہموار کیجیے۔
- رات جتنی کالی ہوتی ہے ستارے اُتنے ہی تیز چمکتے ہیں۔
- جو شخص خود اپنے آپ سے لڑتا ہے اُسے کوئی ہرا نہیں سکتا۔
- جس جس پر یہ دُنیا ہنسی ہے اُسی نے تاریخ رقم کی ہے۔

- رِسک ہمیشہ بڑا لو، جیت گئے تو کپتان بنو گے اور ہار گئے تو صلح کار۔
- وہ آدمی سب سے مضبوط ہے جو اکیلا کھڑا ہے۔
- بہتر وقت کی تیاری کے لیے بُرا وقت اچھا ہوتا ہے۔
- مرمت چل رہی ہے زندگی کی، جلد ہی اُٹھے گے نیا طوفان لے کر۔
- ایسی کوئی منزل نہیں جہاں پہنچنے کا کوئی راستہ نہ ہو۔
- جن سے کوئی امید نہیں ہوتی اکثر وہی کمال کرتے ہیں!
- تعلیم کی جڑیں کڑوی ہوتی ہیں لیکن پھل میٹھا ہوتا ہے!
- مَیں جیتوں گا' مجھے جیتنا ہے' مَیں جیت کر ہی رہوں گا۔
- جب حوصلے بلند ہو تو پریشانیاں بھی گھٹنے ٹیک دیتی ہیں۔
- جدو جہد جتنی سخت ہوگی' کامیابی اتنی پُرمسرت ہوگی۔
- کامیابی ان کو ملتی ہے جو ہمیشہ اس پر یقین رکھتے ہیں۔
- لوگ اپنی ضروریات پر غور کرتے ہیں قابلیت پر نہیں۔
- جہدِ مسلسل کے بغیر کامیاب زندگی ممکن نہیں۔
- غلطیوں سے نہ سیکھنا ہی ایک بڑی غلطی ہوتی ہے۔
- ہمارے اہداف یہ طے کرتے ہیں کہ ہم کیا بننے جا رہے ہیں۔
- اپنی منزل سے بھٹک جاؤ گے تو کیسے جیت پاؤ گے؟
- کسی کی شہرت کے پیچھے کئی سالوں کی کڑی محنت ہوتی ہے!
- ہر عظیم الشان کامیابی کے پیچھے ایک لمبی محنت اور وقت ہوتا ہے!
- ضد اگر جیتنے کی ہو تو ہارنا ناممکن سا ہو جاتا ہے۔
- جیت کی اُمید رکھنے والے لوگ کبھی بہانے نہیں بناتے ہیں۔

- اگر خواب بڑے ہیں تو کوشش بھی بڑی کرنی ہوگی۔
- جیت کر دِکھاؤ اُن کو جو تمہاری ہار کا انتظار کر رہے ہیں۔
- جو بڑے خواب دیکھتے ہیں ان کی کامیابی بھی بڑی ہوتی ہے۔
- بھلے ہی ایک وقت کی روٹی کا انتظام نہ ہوں لیکن تعلیم کو اوّلین ترجیح دیں۔
- کتابیں اور والدین کی باتیں زندگی میں کبھی دھوکا نہیں دے گی۔
- کامیابی صبح کے جیسی ہوتی ہے، مانگنے پر نہیں جاگنے پر ملتی ہے۔
- کامیابی پانے کے لیے ہر چیز صحیح کرو، اور سہی وقت پر بھی۔
- یہ میرا تجربہ و مشاہدہ ہے کہ ہرنا کامی ہمیں کچھ نہ کچھ تعمیری سبق دیتی ہے۔(ٹام لینڈری)
- جدوجہد کو اپنا جنون بنالو، جب تک وہ تمہاری کہانی نہ لکھ دے۔
- اگر مقدر ساتھ نہیں دے رہا ہے تو سنو تم کم محنت کر رہے ہو۔
- کبھی ہار نہ ماننے کی عادت، ہی ایک دن بڑی جیت دلاتی ہے۔
- کامیابی ہاتھوں کی لکیروں میں نہیں ماتھے کے پسینے میں ہوتی ہے۔
- ہر ایک کامیاب آدمی کے پیچھے بہت سارے ناکام سال ہوتے ہیں۔
- جیت میں سیکھ لینا اچھا ہے لیکن اس سے بھی اچھا ہے ہار سے سیکھ لینا۔
- اگر انسان میں کچھ کرنے کی خواہش ہو تو دُنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں ہے۔
- اگر آپ تناؤ کو نہیں جھیل سکتے تو کامیابی نہیں سنبھال پاؤ گے۔
- اگر ہار کا کوئی امکان نہ ہو تو جیت کا کوئی مطلب ہی نہیں ہے۔
- دولت تو وِراثت میں ملتی ہے، پہچان تو اپنے دَم پر بنانی پڑتی ہے۔
- اگر کڑی محنت آپ کا ہتھیار رہے تو کامیابی آپ کی غلام ہو جائے گی۔
- اگر اپنا تعارف خود دینا پڑے تو سمجھ لینا کامیابی ابھی دوُر ہے۔

- منزلوں کے پرندے ہی اونچے اُڑتے ہیں، زمین پر رینگنے والے نہیں!
- زندگی کیا ہوگی اگر ہم میں کوئی کام کرنے کا حوصلہ ہی نہ رہے تو؟
- کل کو آسان بنانے کے لیے آج آپ کو کڑی محنت کرنی ہی پڑے گی۔
- جو خواب دیکھنے کی ہمت رکھتے ہیں وہ پوری دُنیا جیت سکتے ہیں۔
- میدان تب تک مت چھوڑنا جب تک آپ جیت نہیں جاتے۔
- جو اپنے ہدف کے لیے جنونی ہو جاتا ہے اُسے کامیابی یقیناً ملتی ہے۔
- کامیابی ایک دن میں نہیں ملتی اگر ٹھان لو تو ایک دن ضرور ملتی ہے۔
- صرف خود اعتمادی ہونی چاہیے زندگی تو کہیں سے بھی شروع ہو سکتی ہے۔
- جو اپنے آپ کو پڑھ سکتا ہے، وہ دُنیا میں کچھ بھی سیکھ سکتا ہے۔
- زندگی وہ نہیں جو آپ کو ملتی ہے، زندگی وہ ہے جو آپ بناتے ہیں۔
- جب ہمت ہارنے لگے تو ایک بار ضرور یاد کر لینا شروع کیوں کیا تھا؟
- رومت، ضدی بنو، ضد کرو گے تبھی کامیاب بنو گے۔
- پہلے خود سے کہو کہ تم کیا بنو گے اور پھر وہ کرو جو تمھیں کرنا ہے۔
- کچھ لوگوں کے پاس بہانے ہوتے ہیں، کچھ لوگوں کے پاس نتیجے۔
- بے شک راستہ بہت مشکل ہے پر یہ منزل بھی تو لاجواب ہے۔
- ہر چھوٹی کوشش زندگی میں بڑی کامیابی کا راستہ کھولتی ہے!
- محنت کا پھل اور مسائل کا حل دیر سے ہی سہی پر ملتا ضرور ہے۔
- جب حوصلے بلند ہو تو پہاڑ بھی مٹی کا ڈھیر لگتا ہے۔
- نہ رُکنا ہے، نہ تھکنا ہے، بس محنت کر کے منزل کو پانا ہے۔
- کوشش ایسی کرو کہ ہارتے ہارتے کب جیت جاؤ پتہ ہی نہ چلے۔

- میرے ہاتھوں میں صرف کوشش لکھی ہے کامیابی میرا اللہ دیتا ہے۔
- اپنے ہدف کو طے کرنا اُسے حاصل کرنے کا پہلا قدم ہے۔
- اپنے آپ کو مثبت لوگوں سے گھیر لیں تا کہ آپ مثبت سوچیں۔
- دانشمند شخص ہر وقت کچھ نہ کچھ سیکھنے کا متمنی ہوتا ہے۔
- بلند حوصلہ انسان کے ہاتھ میں آ کر مٹی بھی سونا بن جاتی ہے۔
- تمہاری ہار تمھیں کبھی نہیں جھکا سکتی، اگر تم میں جیتنے کا حوصلہ ہے۔
- تمہارے کام کا سفر ایک مقصد کے ساتھ ہونا چاہیے۔ (کلپنا چاؤلہ)
- کامیاب وہی ہے جس نے اپنے آپ سے سمجھوتہ نہیں کیا۔
- آج کی محنت کل کا "تحفہ" ہے، پڑھائی کر و شاندار موقع ہے۔
- کل جو ہوگا سوچنا چھوڑ دو بس محنت کر کے سب ریکارڈ توڑ دو۔
- خود کو اِتنا ضدی بناؤ کہ مشکلیں خود شرمندہ ہو جائیں۔
- محنت اِتنی ایمانداری سے کرو، خواب مجبور ہو جائے سچ ہونے کے لیے۔
- مشکلیں ہرانا تو چاہتی ہیں مگر ہم ہارنے والوں میں سے نہیں ہیں۔
- زندگی میں نظم وضبط اور جیتنے کی بھوک آپ کو کسی بھی میدان میں چمپئن بنا سکتی ہے۔
- کچھ بھی اِتنا مشکل نہیں ہے اگر آپ اُسے چھوٹے چھوٹے کاموں میں تقسیم کر لیں۔
- جب آپ خود کو تراشتے ہیں، تب دُنیا آپ کو تلاش کرتی ہے۔
- یاد رکھنا صرف وہی خواب سچ ہوتے ہیں جس کے لیے آپ سونا چھوڑ دے۔
- جس نے بھی خود کو خرچ کیا ہے، دُنیا نے اُسی کو گُوگل پر سرچ کیا ہے۔
- کامیابی اُن ہی کاموں کو کرنے سے ملتی ہے جنھیں کرنے کا دِل نہیں کرتا ہے۔
- کامیابی تب ملے گی جب آپ کے خواب آپ کے ڈر سے بڑے ہو جائیں گے۔

- میرا کامیاب انسان بننے کا خواب میری نیند سے کئی گنا زیادہ ضروری ہے۔
- یادرکھنا جو جتنا تپتا ہے اس دُنیا میں اس کی قیمت اُتنی ہی بڑھتی ہے۔
- محنت وہ سنہری چابی ہے جو بند مستقبل کے دروازے بھی کھول دیتی ہے۔
- کامیابی کبھی بھی عمر دیکھ کر نہیں آتی ہے وہ صرف تمہاری محنت اور لگن دیکھ کر آتی ہے۔
- ممکن کی سرحد جاننے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے ناممکن سے بھی آگے نکل جانا۔
- اپنے آپ پر بھروسہ کرو تمہارے اندر کچھ ایسا ہے جو ہر رُکاوٹ سے بڑا ہے۔
- جو شخص صرف صبح اُٹھنے سے نہیں جیت سکتا وہ زندگی میں کچھ نہیں کر سکتا۔
- غلطی مان لینے کی ہمت اور اصلاح کرنے کی نیت ہو تو انسان بہت کچھ سیکھ سکتا ہے۔
- ٹاپرس کی عادت ہوتی ہے بھلے ہی وہ کم پڑھے لیکن وہ روز پڑھتے ہیں۔
- پتھر بھلے ہی آخری چوٹ سے ٹوٹتا ہے لیکن پہلی چوٹ بھی بیکار نہیں جاتی!
- ایک پورا کیا ہوا کام آدھے ادھورے کام سے بہت زیادہ بہتر ہے۔
- بڑے خواب دیکھنے والے اپنے خوابوں کی اُڑان کسی سے پوچھ کر نہیں بھرتے۔
- گزرے ہوئے کو نہیں بدلا جاسکتا لیکن مستقبل آپ کے ہاتھ میں ہے۔
- یادرکھنا دُنیا آپ کے بہانوں سے نہیں آپ کے کارناموں سے بدلتی ہے۔
- زندگی تو ہر کوئی جی لیتا ہے، بات تو تب بنے جب زندگی مثال بنے۔
- کامیابی صرف ایک ہی چیز پر انحصار کرتی ہے اور وہ ہے سخت محنت۔
- وقت دُنیا کا سب سے عظیم اُستاد ہے جو ہمیں زندگی کی صحیح قیمت بتاتا ہے۔
- کامیابی اُسی اِنسان کو ملتی ہے جو ہر مشکل حالات میں لڑنا جانتا ہے۔
- زندگی میں بڑی جیت حاصل کرنا ہے تو چھوٹی موٹی ہار سے کبھی مت ڈرنا۔
- جیتنا اِتنا اہمیت نہیں رکھتا ہے جتنا کہ جیت کے لیے کوشش کرتے رہنا اہم ہے۔

- اپنے خوابوں کو محسوس کیجیے جب تک آپ عزم نہیں کریں گے کچھ نہیں ہو سکتا۔
- کامیابی اُن ہی کو ملتی ہے جو خود کو مشکل میں ڈال کر کام مکمل کرتے ہیں۔
- فتح ہمیشہ بہت سی کوششوں اور لاتعداد شکستوں کے بعد ہی ملتی ہے۔
- زندگی کے تئیں جیسا ہمارا رویہ ہوگا، زندگی بھی ویسی ہی ہوگی۔
- آپ اپنے کام کی تحقیق کے ذریعے خود کو دریافت کرتے ہیں۔
- تھوڑا اور پڑھ لیجیے کیوں کہ کسی کونے میں کوئی آپ سے زیادہ پڑھ رہا ہے۔
- جو شخص اپنی غلطیوں کے لیے خود سے لڑتا ہے اُسے کوئی بھی ہرا نہیں سکتا۔
- ہجوم میں اُن ہی چہروں کو پہچانا جاتا ہے جنھوں نے اپنی اپنی پہچان بنالی ہو۔
- ناممکن سے بڑا کوئی موقع نہیں بس دیکھنے کے لیے نظر نہیں نظریہ چاہیے ہوتا ہے!
- زندگی میں آگے بڑھنے کا بڑا فارمولہ یہ ہے کہ ''پہلا قدم اُٹھاؤ۔'' (نیلسن منڈیلا)
- اگر آپ چاہتے ہو آپ کے خواب سچ ہوں تو پہلے آپ کو جاگنا ہوگا۔ (زکربرگ)
- اگر ہم نے وہ تمام چیزیں کیں جن کے ہم اہل ہیں تو ہم لفظی طور پر خود کو ہی حیران کر دیں گے۔
- بہتر سے بہترین بننے کے لیے ذاتی مطالعہ کو روزمرہ عادات کا حصہ بنائیں۔
- کتابیں زندگی کے ہر خاص و عام مواقعوں پر رہبر بن کر رہنمائی کرتی ہیں۔
- یاد رکھیں کہ مثبت سوچ سورج کی کرنوں کی طرح زندگی میں اُجالا کر دیتی ہے۔
- ہنر تو سب میں ہے فرق اِتنا ہے کسی کا چُھپ جاتا ہے کسی کا چَھپ جاتا ہے۔
- جب دُنیا تمھیں کمزور سمجھے تو تمہارا جیتنا بہت ضروری ہو جاتا ہے۔
- بُرا وقت ایک ایسی تجوری ہے جہاں سے کامیابی کے ہتھیار ملتے ہیں۔
- زندگی کھیلتی بھی اُسی کے ساتھ ہے جو کھلاڑی بہترین ہوتا ہے۔
- ضد ہونی چاہیے کچھ بھی حاصل کرنے کی، اُمید لگا کے تو ہر کوئی بیٹھا ہے۔

- سنو جہاں تک راستہ دکھائی دے رہا ہے کم سے کم وہاں تک تو چلو۔
- اگر اِرادوں میں جان ہو تو منزل تک آسانی سے پہنچا جا سکتا ہے۔
- اپنے راستے خود چنئے کیوں کہ آپ کو آپ سے بہتر اور کوئی نہیں جانتا۔
- دورانِ تعلیم اپنے مستقبل کا تعین کرنے والے نوجوان ہمیشہ کامیابی کی منزلیں طے کرتے ہیں۔
- کسی بھی ملک کی ترقی کا دارومدار صحت منداور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی وجہ سے ممکن ہے۔
- ماں باپ کی فرمانبرداری' اُستاد کی عزت کرنا زندگی میں کامیاب ہونے کی ضمانت ہے۔
- کسی کے قدموں میں گر کر کامیابی پانے کے بدلے اپنے قدموں پر چل کر کچھ بننے کی ٹھان لو۔
- اپنا وقت برباد مت کرو، وقت کی بربادی آپ کی زندگی کی بربادی کے برابر ہے۔
- انتظار کرنے والوں کو اِتنا ہی ملتا ہے جتنا کہ کوشش کرنے والے چھوڑ دیتے ہیں۔
- صرف خواب دیکھنے سے کچھ نہیں ہوگا انھیں حقیقت بنانے کے لیے محنت بھی ضروری ہے۔
- ہمارا ڈر ہی ہمارے ناکام ہونے کی سب سے بڑی وجہ ہے اس لیے ڈر سے ڈٹ کر لڑے۔
- کوشش آخری سانس تک کرنی چاہیے' منزل ملے یا تجربہ دونوں ہی قیمتی ہے۔
- ناکامی مجھے تب تک نہیں مل سکتی جب تک میری کامیابی پانے کی خواہش مضبوط ہے۔
- زندگی میں سب سے بڑی خوشی اُس کام کو کرنے میں ہے جسے لوگ کہتے ہیں تم نہیں کر سکتے۔
- یقین اگر دوسروں پر ہو تو کمزوری بن جاتا ہے اور خود پر ہو تو طاقت بن جاتا ہے۔
- انتظار مت کرو' جتنا تم سوچتے ہو زندگی اُس سے کئی زیادہ تیزی سے نکل رہی ہے۔
- بہت مشکل ہوتا ہے اُس شخص کو ہرانا جسے چلنا بُرے وقت نے سیکھا یا ہو۔
- اُونچائیوں پر پہنچنے کا حق اُن ہی کو ہے جو اپنے حوصلے ٹوٹنے نہیں دیتے۔
- اکیلے چلنا سیکھ لو' ضروری نہیں جو آج تمہارے ساتھ ہے وہ کل بھی تمہارے ساتھ رہے۔
- کیسے ہار جاؤں میں تکلیفوں کے آگے' میری ترقی کی آس میں ماں کب سے بیٹھی ہے!

- جسے خود پر بھروسہ ہو وہ یہ ہی کہتا ہے، محنت کر قسمت کا لکھا بھی بدلتا ہے۔
- ہمت مت ہارو کیوں کہ پہاڑ سے نکلنے والی نہروں نے آج تک کسی سے نہیں پوچھا سمندر کتنا دُور ہے۔
- خود کی سیلفی لینے سے اچھا ہے خود کو ایسا بناؤ کہ سب تمہارے ساتھ سیلفی لے۔
- مشکل ترین حالات میں کچھ لوگ ٹوٹ جاتے ہیں تو کچھ لوگ ریکارڈ ہی توڑ دیتے ہیں۔
- باہمت لوگ کبھی ہارا نہیں کرتے یا وہ جیت جاتے ہیں یا کچھ سیکھ جاتے ہیں۔
- جب سامنا مشکل ترین امتحان سے ہو تو پھر مسلسل محنت ہی واحد راستہ ہے۔
- میں نے یہ پایا ہے کہ خوشی لگ بھگ ہر بار سخت محنت کا نتیجہ ہوتی ہے۔(ڈیوڈ گریسن)
- جب میں جیتو نگا تب چاروں طرف میرے نام کا ہی شور ہوگا۔
- جب قسمت ساتھ نہیں دے رہی ہو تو سمجھ لینا محنت ساتھ دے گی۔
- جو مزہ اپنی پہچان بنانے میں ہے وہ مزہ کسی کی پرچھائی بننے میں کہاں؟
- جو بیج اپنے چھلکے کو اُترنے نہ دے، وہ کبھی ایک پھلدار درخت نہیں بن سکتا۔
- کامیابی کا راز یہ ہے کہ معمولی کام کو غیر معمولی طریقے سے بہتر انداز میں انجام دیا جائے۔
- کوئی بھی کھلاڑی اکثر باتیں از خود نہیں سیکھتا، ہمیشہ اپنی غلطیوں سے سیکھتا رہتا ہے۔
- جو کام آپ کرتے ہیں اُسے پسند کیجیے اور پھر آپ بہترین کارکردگی انجام دیں گے۔
- مقام بھی ایسا حاصل کرنا چاہیے کہ لوگوں کو اپنا نام بتانے کی ضرورت نہ پڑے۔
- ایک ایسا ہدف ضرور ہونا چاہیے جو آپ کو روز صبح جلد اُٹھنے پر مجبور کردے۔
- جنھیں یہ دُنیا کچھ کرنے کے لائق نہیں سمجھتی اکثر وہی لوگ دُنیا کی تاریخ بدلتے ہیں۔
- جو لوگ وقت پر پسینہ نہیں بہاتے وہ لوگ بعد میں آنسو بہاتے ہیں۔
- خواب وقعت سے بڑے ہیں اُسے پورا کرنے کے لیے ہم بھی تو ضد پہ اڑے ہیں۔
- پڑھائی میں کاہلی و سستی کرنا اپنے والدین کی قربانیوں کا مذاق اُڑانا ہے۔

- کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ ہم سب سے پہلے خود پر یقین کریں کہ یہ حاصل کر سکتے ہیں۔
- زیادہ نہیں بس اِتنے کامیاب ہو جاؤ کہ اپنے والدین کی ہر خواہش پوری کر سکو۔
- منزلیں چاہے کتنی ہی اُونچائی پر کیوں نہ ہوں راستے ہمیشہ پیروں کے نیچے ہوتے ہیں۔
- محنت اِتنی کرو کہ کوئی بھی چیز خریدنے سے پہلے قیمت دیکھ کر شرمندگی محسوس نہ ہو۔
- تنقید، فقرے بازی اور طنز سے حوصلہ نہ ہارو، شور کھلاڑی نہیں تماشائی کیا کرتے ہیں۔
- جو مزہ اپنے دَم پر کامیاب بننے میں ہے وہ مزہ کروڑوں، اربوں کی دولت میں بھی نہیں۔
- وقت پر اُس ہر کام کو پورا کرو جو ضروری ہے کیوں کہ وقت سے زیادہ قیمتی اور کچھ بھی نہیں۔
- اگر آپ آج رُک جاتے ہیں تو آپ کی آج تک کی ساری جدوجہد برباد ہو جائے گی۔
- اپنے ہدف کو ہمیشہ اُونچا رکھو اور تب تک مت رُکو جب تک آپ اُسے حاصل نہیں کر لیتے۔
- کامیابی کے سفر میں دھوپ کی بہت اہمیت ہے کیوں کہ چھاؤں ملتے ہی قدم رُکنے لگتے ہیں۔
- زندگی کو آسان نہیں، بس خود کو مضبوط بنانا پڑتا ہے، سہی وقت کبھی نہیں آتا ہے۔
- جیت پکّی ہو تو بزدل بھی لڑتے ہیں، بہادر تو وہ ہے جو ہار پکّی ہو تو بھی میدان نہیں چھوڑتے۔
- ہدف ایک ہوتا ہے اور راستے بہت، کبھی راستہ بند ہو جائے تو راستہ بدلو ہدف نہیں۔
- یہ کامیابی نہیں آسان بس اِتنا سمجھ لیجیے، کتابوں کا سمندر ہے اور گہرائی تک جانا ہے۔
- کامیاب اپنے لیے نہیں تو اُن کے لیے کامیاب بنو جو تمھیں ناکامیاب دیکھنا چاہتے ہیں!
- خود کی سیلفی نکالنا سیکنڈوں کا کام ہے لیکن خود کی پہچان بنانے میں زندگی گزر جاتی ہے!
- اگر آج تیرے ساتھ کوئی نہیں ہے تو غم مت کر کیوں کہ دُنیا میں خود سے بڑا کوئی ہمسفر نہیں ہوتا۔
- اکیلے رہنے میں کبھی مت ڈرنا، کیوں کہ باز ہمیشہ اکیلا اُڑتا ہے اور کبوتر جھنڈ میں۔
- کامیاب وہی ہوتے ہیں جو دوسروں کی باتوں پر نہیں خود کی محنت پر بھروسہ کرتے ہیں۔
- شیر بنو تخت و تاج کی فکر مت کرو آپ جہاں بیٹھو گے وہیں تخت و تاج ہو جائے گا۔

- آج جو ۶ ر گھنٹے پڑھنے کے لیے تیار نہیں ہے' کل ۱۲ ر گھنٹے مزدوری کا کام کرنے کے لیے تیار رہنا۔
- کامیابی کے دروازے ان ہی کے لیے کھلتے ہیں جو انھیں کھٹکھٹانے کی طاقت رکھتے ہیں۔
- اگر ایک کر سکتا ہے تو تم بھی کر سکتے ہو اور اگر کوئی نہیں کر سکتا تو تمھیں لازمی کرنا چاہیے۔
- آپ خود پر یقین کریں' جتنا کچھ آپ کرتے ہیں اس سے کہیں زیادہ آپ جانتے ہیں۔
- نتائج ان کے حق میں ہوتے ہیں جو مشکل حالات سے بہتری کی راہ تلاش لیتے ہیں۔
- اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ بیدار ہو جائیں۔
- موتی کبھی بھی کنارے پہ خود نہیں آتے، انھیں پانے کے لیے سمندر میں اُترنا ہی پڑتا ہے۔
- پڑھنا تو پڑے گا ہمیں کیوں کہ والدین کہہ رہے ہوں گے کہ بیٹا باہر بہت محنت کر رہا ہے۔
- جو اپنی محنت پر یقین کرتے ہیں وہ دیر سے ہی سہی پر منزل تک پہنچ ہی جاتے ہیں۔
- دوسروں کو سوتا دیکھ کر جو آنکھیں کھول کر پڑھتا ہے وہی ایک دن تاریخ رقم کرتا ہے۔
- اپنے راستے کی رُکاوٹ پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے' رُکاوٹ کو بھول کر اُس پر پُل بنانے پر توجہ دیں۔
- وہی شخص تعلیم یافتہ ہے جو یہ سیکھ چکا ہے سیکھنا کیسے ہے اور خود میں تبدیلی کیسے لانی ہے۔
- جیتنے کا مزہ تب آتا ہے' جب سب آپ کے ہارنے کا انتظار کر رہے ہو۔
- کبھی ہارنے کا اِرادہ ہو تو ان لوگوں کو یاد کر لینا جنھوں نے کہا تھا تم سے نہیں ہو گا!
- رُلانا ہی ہے تو اپنے والدین کو رُلاؤ لیکن آنسو خوشی کے ہونے چاہیے۔
- گھائل (زخمی) تو یہاں ہر ایک پرندہ ہے لیکن جو پھر سے اُڑ سکا وہی زندہ ہے۔
- علم حاصل کریں یہ ضروری ہے لیکن علم سے کچھ حاصل بھی کریں یہ انتہائی ضروری ہے۔
- یہ مت سوچو کہ مجھ سے یہ نہ ہو پائے گا بلکہ یہ سوچو کہ میرے علاوہ کون کر پائے گا؟
- حالات کی تبدیلی کی تمنا کرنے سے پہلے ہم اپنے اندر ایک مکمل تبدیلی لانے کا فیصلہ کریں۔
- آسانی سے ملنے والی ہر وہ چیز ہمیشہ تک نہیں رہتی جو ہمیشہ تک رہتی ہے وہ آسانی سے نہیں ملتی۔

- ضروری نہیں آپ ہر شعبے میں اچھے ہو لیکن کوئی تو شعبہ ایسا ہوگا جس میں آپ سب کے اُستاد ہو۔
- خود کے اوپر بھروسہ رکھو، پھر دیکھنا ایک دن ایسا بھی آئے گا گھڑی دوسروں کی ہوگی اور وقت آپ کا!
- زندگی کا سب سے اچھا متبادل یہ ہے کہ آپ چمکتے رہے اور دوسروں کو اپنے آس پاس چمکائے۔
- اس سے پہلے کہ حالات تمہاری زندگی کی سمت بدلے اُٹھو، ہمت دِکھاؤ اور اپنے حالات کو ہی بدل ڈالو۔
- دیر سے بنو لیکن کچھ تو بنو، کیوں کہ لوگ وقت کے ساتھ صرف خیریت نہیں حیثیت بھی پوچھتے ہیں۔
- ساری دُنیا کہتی ہے کہ ہار مان لو لیکن دِل کہتا ہے کہ ایک بار اور کوشش کرو، تم یہ ضرور کر سکتے ہو!
- عظیم لوگوں کی پہلی جیت نیند پر ہوتی ہے جتنے بڑے خواب ہوتے ہیں نیند اُتنی ہی کم آتی ہے!
- کامیابی پانے کے لیے جیب میں گاندھی ہو یا نہ ہو پر دِل میں آندھی تو ہونی چاہیے۔
- آج نہیں تو کل ہدف ضرور حاصل ہوگا، آپ کی آج کی محنت سے ہی آپ کا مستقبل سنور جائے گا۔
- اِتنی دیر بھی مت کر دینا کہ خواب صرف خواب ہی بن کر رہ جائے اور عمر نکل جائے۔
- ہمیشہ بہتری کی کوشش میں لگے رہنے کا نتیجہ درجہ بہ درجہ مہارت کی شکل میں برآمد ہوتا ہے۔
- قسمت ہمیشہ بہادر پر مہربان ہوتی ہے اس آدمی پر کبھی نہیں جو خود کی مدد نہیں کر سکتا۔
- مسائل ٹھہر جانے کے نشانِ راہ نہیں ہوتے، بلکہ یہ نئی منزلوں کے راہ نما ہوتے ہیں۔
- زندگی میں ہار تب نہیں ہوتی جب آپ ہارتے ہیں، ہار تو تب ہوتی ہے جب آپ مان لیتے ہیں۔
- آپ شکایت کرتے ہوئے ترقی نہیں کرتے ہیں، آپ نظریات کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ترقی کرتے ہیں۔
- کامیاب ہونے کے لیے ناکامی ضروری ہے تاکہ آپ کو یہ پتہ چل سکے کہ اگلی بار کیا نہیں کرنا ہے۔
- جب تک الفاظ کتاب سے نکل کر عمل میں شامل نہیں ہوں گے نہ دِل بدلے گا نہ دِل کی دُنیا۔
- جب تک آپ خود پر بھروسہ نہیں کریں گے تب تک دوسرے بھی آپ پر یقین نہیں کریں گے۔
- ہم سب ناکامیوں سے گزرتے ہیں، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ہار مان کر بیٹھ جائیں۔
- زندگی ویسی نہیں ہوتی ہے جیسی آپ تمنا کرتے ہیں، یہ تو ویسی بن جاتی ہے جیسا آپ اسے بناتے ہیں۔

- کوئی بھی شخص اپنی صلاحیتوں کا اندازہ اس وقت تک نہیں لگا سکتا جب تک انھیں استعمال نہ کرے۔
- کامیابی دِن رات کی جانے والی چھوٹی چھوٹی کوششوں سے سامنے آنے والے نتیجے کا نام ہے۔
- کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ کامیاب ہونے کی تڑپ' ناکام ہونے کے ڈر پر حاوی ہو جائے۔
- زندگی بہت مختصر ہے جب سمجھ آنے لگتی ہے تو دُنیا میں رہنے کا وقت بہت کم رہ جاتا ہے۔
- اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کہاں سے ہیں' آپ کے خواب مضبوط ہونے چاہئیں۔
- اِس دُنیا میں لوگ بڑے نہیں ہوتے ہیں بلکہ چیلنجز بڑے ہوتے ہیں جن کے سامنے عام انسان اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔
- ماضی سے سیکھو، آج کے لیے جیو، کل کے لیے پُرامید رہو اور اہم یہ ہے کہ سوال کرنے سے مت رُکو۔ (البرٹ آئنسٹائن)
- ہارے ہوئے کی صلح، جیتے ہوئے کا تجربہ اور خود کا دماغ انسان کو کبھی ہارنے نہیں دیتا ہے۔
- ضد ہے تبھی تو آگے بڑھنے کا جذبہ ہوگا کبھی دیکھا ہے مرے ہوئے آدمی کو جیتتے ہوئے۔
- اگر آپ کے ذہن میں آپ کی کامیابی کی تصویر نہیں تو حقیقت میں بھی آپ کامیاب نہیں ہو سکتے۔
- آپ اپنی صلاحیتوں کو پہچان کر لوگوں کے لیے مفید اور دُنیا میں تبدیلی کا باعث بنیں۔
- سونا تو چاہتا ہوں میں بھی آرام سے لیکن، میرے بڑے خواب مجھے سونے کی اجازت نہیں دیتے۔
- جہاں سب کی ہمت ختم ہوتی ہے وہاں سے ہی تاریخ رقم کرنے والوں کی شروعات ہوتی ہے۔
- بہت محنت لگتی ہے سلطنت بنانے میں لیکن جب بنتی ہے تو بادشاہ بھی آپ ہی ہوتے ہیں۔
- آپ نے کیا پایا سے زیادہ آپ کن مشکلات سے اُبھرے' یہ اہمیت رکھتا ہے، یہی آپ کے کریئر کو بیان کرتا ہے۔
- کسی کو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس حالات میں جی رہے ہیں آپ کو خود ہی اپنے حالات بدلنے ہوں گے۔

- زندگی میں آپ کتنی بار ہارے یہ کوئی معنی نہیں رکھتا کیوں کہ آپ جیتنے کے لیے پیدا ہوئے ہیں۔
- کامیابی آپ سے ۶/چیزیں مانگتی ہے:

(۱) محنت (۲) قربانی (۳) جدوجہد (۴) جنون (۵) صبر (۶) یقین

- آپ جہاں بھی ہیں اور آپ کے پاس جتنے بھی وسائل ہیں، ان کی مدد سے آپ جو کر سکتے ہیں، کر گزریئے۔
- آپ کو زندگی میں جتنے زیادہ چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اتنا ہی زیادہ آپ زندگی کا تجربہ کرتے ہیں۔
- کسی مثالی انسان کی تلاش کرنے کے بجائے کیوں نہ ہم خود مثالی انسان بن جائیں جسے دیکھ کر اوروں کو تحریک ملے۔
- تاریخ شاہد ہے کہ اقلیت و اکثریت جو بھی ہو، قوم وہی ترقی کرتی ہے جو خود ترقی کا جذبہ رکھتی ہے۔
- میدان میں ہارا ہوا اِنسان پھر سے جیت سکتا ہے لیکن احساسِ کمتری والا انسان کبھی نہیں جیت سکتا۔
- دُنیا میں جس نے بھی بڑا بدلاؤ کیا ہے اُسے شروعات میں لوگوں نے بیوقوف کے خطاب سے ہی نوازا تھا۔
- جہاں تک دکھائی دے وہاں تک جانے کی کوشش ضرور کریں جب آپ وہاں پہنچو گے تو آپ اُس سے آگے بھی دیکھ پاؤ گے۔
- ہارنے سے کبھی مت ڈرنا کیوں کہ ہار جیسی کوئی چیز ہوتی ہی نہیں ہے یا تو جیت ملتی ہے یا تو سیکھ۔
- جدوجہد کبھی بھی بے وجہ نہیں ہوتی، شروعات میں وہ آپ کو طاقت دیتی ہے اور آخر میں تجربہ اور خوشی۔
- ناکام لوگ دُنیا کے ڈر سے اپنے فیصلے بدل دیتے ہیں اور کامیاب لوگ اپنے فیصلوں سے دُنیا بدل دیتے ہیں۔
- اگر آپ وہی کچھ کریں گے جو اب تک کرتے آئے ہیں، تو آپ کو وہی کچھ ملے گا جو اب تک ملتا آیا ہے۔
- زندگی میں کوئی شارٹ کٹ نہیں ہوتا کامیابی تب ملتی ہے جب ہم روز زندگی میں تھوڑا آگے بڑھتے ہیں۔
- مقدر بھی بدل سکتا ہے اگر اِرادہ مضبوط ہے تو، ورنہ مقدر کو قصوروار قرار دینے میں تو پوری زندگی چلی جائے گی۔

- جتنا بڑا خواب ہوگا اُتنی بڑی تکلیفیں ہوں گی، اور جتنی بڑی تکلیفیں ہوں گی اتنی بڑی کامیابی ہوگی۔
- کبھی اکیلا چلنا پڑے تو ڈریئے مت کیوں کہ قبرستان‘ چوٹی اور تخت پر انسان اکیلا ہی ہوتا ہے۔
- ہمت مت کھونا‘ ابھی بہت آگے جانا ہے جنھوں نے کہا تھا تمہارے بس کا نہیں ابھی ان کو بھی کر کے دکھانا ہے۔
- منزل پر آدھے راستے تک جا کر کبھی واپس نا لوٹیں، کیوں کہ واپس لوٹنے پر بھی آدھا راستہ پار کرنا ہی پڑتا ہے۔
- سوتے رہنے والے صرف خواب دیکھتے ہیں اور جاگنے والے ان خوابوں کو ضد میں بدل کر حقیقت میں پورا کرتے ہیں۔
- سو جگہ پر ایک فٹ گڑھا کھودنے سے پانی نہیں ملتا، ایک جگہ پر سو فٹ گڑھا کھودنے سے پانی یقینی طور پر ملتا ہے۔
- رات کی پڑھائی سب سے اچھی پڑھائی ہوتی ہے کیوں کہ تب کتابیں ہمارے لیے اور ہم کتابوں کے لیے جاگتے ہیں۔
- ایک آس لگائے بیٹھے ہیں والدین‘ ایک تم ہی ہو جو اُن کے خوابوں کو حقیقت میں بدل سکتے ہو!
- زندگی میں سب کچھ آسان ہے جب آپ مصروف ہو لیکن سب کچھ مشکل ہے جب آپ سُست ہو!
- دُنیا اُسی کی قدر کرتی ہے جو خود کو قیمتی بناتا ہے اُس کی نہیں جو ذرا سی مصیبت دیکھ کر ہار مان جاتا ہے۔
- جب منزل قریب ہو تو محنت بہت زیادہ کرنا‘ جیت یقیناً ہے تمہاری! بس تم اپنی پڑھائی میں مصروف رہنا!
- دُنیا میں بہت سی اہم چیزیں ان لوگوں کے ذریعے پوری کی گئی جنھوں نے تب کوشش کی جب کوئی اُمید نہیں تھی۔
- جب کوئی کام اہمیت رکھتا ہو تو پھر اسے ضرور انجام دیں‘ چاہے حالات کتنے بھی ناموافق ہوں۔
- مصیبت میں حوصلہ نہیں ہارنا چاہیے، ہمت سے اس کا مقابلہ کرنا چاہیے، ہمت طاقت سے زیادہ

کام کرتی ہے۔

- کامیابی یہ نہیں کہ آپ نے کتنی دولت کمائی بلکہ یہ ہے کہ آپ نے اپنی ذات سے کتنوں کو فائدہ پہنچایا۔
- نئی بنیادیں وہی لوگ رکھ سکتے ہیں جو اس راز سے واقف ہوں کہ پرانی بنیادیں کیوں بیٹھ گئی تھیں۔
- وہ شخص جو ایک گھنٹے کا وقت ضائع کر دے، وہ اب تک زندگی کی اہمیت سے واقف نہیں ہے۔
- آدمی ہر اس کام میں کامیاب ہو سکتا ہے جس کام کے تئیں اس میں بے پناہ جذبہ و جوش ہوتا ہے۔
- آپ کسی چیز کا قابل قدر علم حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اسے دوسروں کو سکھانا شروع کر دیجیے۔
- وہ اعتماد جس سے پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹایا جا سکتا ہے خود کا اپنی ذات پر بھروسہ کرنا ہے۔
- یقین عزم کے ساتھ ہو تو گرتوں کو اُٹھاتا ہے اور ہارنے والوں اور پیچھے رہ جانے والوں کو نیا راستہ دیتا ہے۔
- آپ کے سبھی خواب پورے ہو سکتے ہیں اگر آپ میں انہیں پانے کی جستجو میں لگے رہنے کا حوصلہ ہو۔
- انسان پیدائشی طور پر جن صلاحیتوں کا مالک ہے، عام طور پر وہ ان کا صرف دس فیصد استعمال کرتا ہے۔(نفسیات کے ماہرین)
- کسی بھی کام اور کسی بھی مہم کو شروع کرنے سے پہلے انتہائی ضروری ہے کہ ناکامی کا خوف دل سے نکال دیا جائے۔
- تعلیم وہ سنگِ بنیاد ہے جس پر قوم کی تعمیر ہوتی ہے اور یہ تمام لوگوں کی مکمل صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کا کام کرتی ہے۔
- کسی کامیاب شخص جیسا بننے کی خواہش رکھنا آسان ہے مگر اس کی کامیابی سے سبق سیکھنا اور عادتیں اپنانا تھوڑا مشکل ہے۔
- آپ کو طاقتور بننا ہوگا، اس لیے نہیں کہ آپ کسی کو ہرا سکے بلکہ اس لیے کہ کوئی آپ کو ہرا نہ سکے۔
- منزلیں اُنھیں نہیں ملتیں جن کے خواب بڑے ہوتے ہیں بلکہ منزلیں اُنھیں ملتی ہیں جو اپنی ضد پر اڑے ہوتے ہیں۔

- صرف مری ہوئی مچھلی ہی پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہتی ہے، جس مچھلی میں جان ہوتی ہے وہ اپنا راستہ خود بناتی ہے۔
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ میں کچھ خاص بات ہے تو اُسے لوگوں تک پہنچاؤ خود تک محدود مت رکھو۔
- منزل کو دماغ میں رکھو اور محنت کو دِل میں اور کرو خود سے ہی ایک وعدہ کہ منزل تک نہیں رُکوں گا۔
- ابھی گردن جھکا کر پڑھ لو تم، ایک دِن جب تمھیں عظیم الشان کامیابی ملے گی تب سب سے اُونچا سر تمہارا ہی ہوگا۔
- ہارنے والے اور جیتنے والوں میں بس فرق اِتنا ہے کہ ہارنے والے مشکلوں کو دیکھتے ہیں اور جیتنے والے منزلوں کو!
- کسی جامع منصوبہ پر اگلے ہفتے عمل درآمد سے بہتر ہے کہ ایک اچھے منصوبے پر ابھی عمل شروع کر دیا جائے۔
- جیسے ہی آپ منفی خیالات کو مثبت خیالات سے بدلیں گے، ویسے ہی آپ مثبت نتائج برآمد کریں گے۔
- کامیابی کا ایک ہی ذریعہ ہے اور وہ یہ ہے کہ جب دیگر ہمت ہار چکے ہوں تب بھی آپ ڈٹے رہیں۔
- عقل مند افراد جب جب سیکھتے ہیں جب انہیں موقع ملتا ہے، لیکن نادان تب ہی جب اُن کے لیے بہت ضروری ہو جائے۔
- اگر تمھیں اپنے اِردگرد اندھیرا دِکھائی دے رہا ہے تو ایک بار پھر دیکھو ہو سکتا ہے تم خود ہی روشنی ہو۔
- آؤ ہم آج قربانی دینے کی تیاری کریں تا کہ ہماری آنے والی نسلوں کو بہتر کل نصیب ہو۔ (ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام)
- آپ جس شعبے میں ہو اُس شعبے کے بادشاہ بنو، کوئی بھی فرد اُس شعبے میں آپ سے آگے نہیں ہونا چاہیے!
- خود کو بہتر بنانے کے لیے سخت محنت بہت ضروری ہے چاہے وہ جسمانی بہتری کے لیے ہو یا ذہنی یا اخلاقی بہتری کے لیے۔

- چھوٹی چھوٹی ناکامیوں کے بعد ہی بڑی کامیابی ملتی ہے۔کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اندھیری رات سے اُمید بھری صبح کیسے نکلتی ہے۔
- جیتنے والا ہمیشہ اپنے ہدف پر دھیان دیتا ہے اور ہارنے والا جیتنے والے پر دھیان دیتا ہے فرق صرف نظریے کا ہے۔
- آپ رُکنے کے لیے بنے ہی نہیں ہیں آپ تو اُڑنے اور چلنے کے لیے بنے ہو۔آپ کو کوئی نہیں روک سکتا جب تک آپ رُکتے نہیں!
- خواب دیکھنے کا شوق ہے تو رات رات بھر جاگ کر پڑھنا شروع کرو۔خواب پورے تبھی ہوں گے جب نیند ادھوری ہوگی۔
- زندگی میں بڑا ہدف حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنی قابلیت کو نکھارنا چاہیے' قابلیت سے ہی مشکل کام آسانی سے پورا ہوسکتا ہے۔
- اپنے خیالات ہی اپنے مستقبل کا چہرہ ہے۔منفی سوچ تو ہر مواقع میں رُکاوٹیں نظر آتی ہیں اور مثبت سوچ تو ہر رُکاوٹ میں مواقع نظر آتے ہیں۔
- کامیابی حاصل کرنے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ آپ کی عمر کیا ہے بلکہ یہ ضروری ہے کہ آپ سوچ کس عمر کی رکھتے ہیں۔
- جس دن آپ کا کام آپ کے موڈ سے زیادہ ضروری ہوجائے گا اس دِن آپ کی کامیابی یقینی ہوجائے گی۔
- اپنے دِن کی ابتداء تین چیزوں سے کیجیے۔کوشش، سچ، یقین۔کوشش دن بہتر کے لیے، سچائی اپنے کام کے لیے، یقین اللہ پر۔
- اگر آپ میں منزل کو پانے کا جنون ہے' محنت کرنے کا جذبہ ہے تو دُنیا کی کوئی بھی چیز آپ کے لیے مشکل نہیں ہوسکتی۔
- مسائل کا ہونا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ توقع رکھنا کہ مسائل نہ ہوں اور اگر ہوجائیں تو پھر اسے مسئلہ

سمجھنا ہی اصل مسئلہ ہے۔

- خواہ سائنسداں ہوں یا عام افراد، اگر وہ غلطی نہیں کرتے تو حقیقت میں وہ کوئی بھی کام سرانجام نہیں دے سکتے۔
- ٹاپرس کو بھی اُتنا ہی وقت ملتا ہے جتنا کہ آپ کو، بس فرق یہ ہے کہ آپ سوچتے زیادہ اور ٹاپرس کرتے زیادہ ہیں۔
- پڑھنا کبھی بند نہ کریں کیوں کہ علم کی کوئی حد نہیں ہوتی۔ دوسروں سے زیادہ علم ہی آپ کو کامیاب بناتا ہے۔
- تمہارے خواب تمھیں ہی پورے کرنے ہوں گے نہ تو حالات تمہارے حساب سے ہوں گے نہ تو لوگ۔
- صبح کی نیند انسان کے ارادوں کو کمزور بناتی ہے، منزل کو حاصل کرنے والے کبھی دیر تک سویا نہیں کرتے۔
- جب محنت کا سکہ اُچھلتا ہے تب چِت بھی تمہاری ہوتی ہے پَٹ بھی تمہارا ہوتا ہے۔
- کبھی کبھی آپ کو وہ نہیں ملتا جو آپ کو چاہیے کیوں پتہ ہے؟ کیوں کہ آپ اس سے زیادہ کے حق دار ہوتے ہیں!
- لوگ ساتھ دے نہ دے اگر آپ خود کا ساتھ سو فیصد دو گے تو آپ کو جیتنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔
- اِنسان تب سمجھدار نہیں ہوتا جب وہ بڑی باتیں کرنے لگے، انسان تب سمجھدار ہوتا ہے جب وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کو سمجھنے لگے۔
- اگر آپ اُس وقت مسکرا سکتے ہو جب تم پوری طرح ٹوٹ چکے ہو تو یقین کر لو کہ دُنیا میں تمھیں کبھی کوئی توڑ نہیں سکتا۔
- زندگی بہت زیادہ مشکل اور جدوجہد سے بھری ہو سکتی ہے لیکن ہمیشہ کوئی کام ایسا ضرور ہوتا ہے جسے ہاتھ میں لے کر آپ کامیابی کی منزل حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ کی زندگی میں کچھ ایسے اُصول ہونے چاہئیں جس سے آپ کسی بھی قیمت پر سمجھوتہ نہ کریں گے تبھی آپ کامیاب ہوں گے۔

- بُرے حالات مجبور بھی کرتے ہیں اور لڑنے والے کو مضبوط بھی' انتخاب آپ کو خود کرنا ہے بُرے حالات سے تحریک لینا ہے یا ذہنی تناؤ۔
- لوگ تمہاری راہ میں ہمیشہ پتھر پھینکیں گے اب تم پر ہے کہ تم ان پتھروں سے کیا بناتے ہو، مشکلات کی دیوار یا کامیابی کا پُل۔
- وہ جو اپنی جوانی میں سیکھنے کے عمل سے گریز کرتا ہے' وہ نہ صرف اپنا ماضی کھو دیتا ہے بلکہ اپنے مستقبل کو بھی مُردہ کر لیتا ہے۔
- یاد رکھیں! کامیابی کی سیڑھیوں میں کوئی لفٹ نہیں ہوتی، اعتماد کے ساتھ پلان کو لے کر خود ہی چڑھنی پڑتی ہیں۔
- زندگی میں چاہے دس بار فیل ہو جاؤ یا سو بار، پر قسم کھا لو کہ اپنی زندگی میں عام آدمی بن کر نہیں جینا ہے۔
- اگر آپ تاریخ کا مطالعہ کریں گے تو پتہ چلے گا کہ جتنی بھی عظیم کامیابیاں ہیں وہ دراصل ناکامیوں کی کہانیاں بھی ہیں۔
- ہم بس ایک بار جیتے ہیں۔ غلط! ہم صرف ایک بار مرتے ہیں اور ہر دن جیتے ہیں! آپ کی زندگی کی خوشی آپ کے خیالات کی قابلیت پر انحصار کرتی ہے۔
- کبھی بھی طوطا مت بنو ہمیشہ باز بنو۔ کیوں کہ طوطا بولتا بہت ہے لیکن اونچا اُڑ نہیں سکتا۔ لیکن باز بِنا بولے آسمان کو چیر سکتا ہے۔
- تنہا سفر کرنے کا خواہش مند آج ہی سفر شروع کر سکتا ہے مگر ساتھی کے متمنی کو ساتھی کے تیار ہونے تک کا انتظار کرنا ہوگا۔
- میں نہیں جانتا کہ مثبت خیال یا مایوس افراد میں کون صحیح ہیں۔ لیکن اِتنا جانتا ہوں کہ مثبت خیال افراد زندگی میں کچھ کر جاتے ہیں۔ (کریگ وینٹر)
- اپنی زندگی کی ذمہ داری قبول کریں۔ جان لیں کہ آپ کے علاوہ کوئی نہیں جو آپ کو اُس مقام تک

لے جائے جو آپ چاہتے ہیں۔

- جوکھم اُٹھائیں، بڑے سوال پوچھیں۔ غلطیوں سے نہ گھبرائیں، اگر آپ غلطیاں نہیں کرتے تو آپ بہت زیادہ آگے نہیں جاسکیں گے۔
- کامیابی حاصل کرنے کے لیے آپ کو اکیلے ہی آگے بڑھنا پڑتا ہے، لوگ آپ کے ساتھ تب آتے ہیں جب آپ کامیاب ہوجاتے ہیں۔
- کامیابی کی پہلی سیڑھی کوشش ہے۔ کوشش سے غلطی، غلطی سے سبق، سبق سے تجربہ اور تجربے سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔
- کیریئر کا انتخاب تھوڑا مشکل مگر انتہائی اہم فیصلہ ہے لیکن اس دُرست فیصلے کے بعد انسان کی زندگی میں آسانی سے کامیابیاں آتی ہیں۔
- نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ خود میں خوداعتمادی پیدا کرے اور روشن مستقبل کے لیے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنائیں۔
- نوجوان اپنے بلند حوصلوں، بلند خوابوں، آہنی اِرادوں اور عظیم مقاصد سے دُنیا کو بدل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
- اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ نے کتنے اہداف حاصل کر لیے ہیں، آپ کو ہمیشہ اپنی نگاہ اس سے بھی بڑے مقصد پر مرکوز رکھنی چاہیے۔
- یہ مت سوچو کہ ایک سال یا ایک مہینے میں کیا ہوسکتا ہے بلکہ یہ سوچو کہ چوبیس گھنٹوں میں کیا ہوسکتا ہے۔
- ہر طوفان آپ کی زندگی کو تباہ کرنے کے لیے نہیں آتا۔ کچھ طوفان آپ کے راستے صاف کرنے کے لیے آتے ہیں۔
- جب بھی پڑھائی کے دوران تحریک کی کمی محسوس ہونے لگے تو اپنے والدین کی طرف دیکھ کر پڑھنا شروع کردیں۔
- جس دن ہمارے دستخط آٹوگراف میں بدل جائیں۔ مان لیجیے آپ کامیاب ہوگئے۔ (ڈاکٹر

اے پی جے عبدالکلام)

- کائنات میں صرف ایک ہی چیز ایسی ہے جسے آپ یقینی طور پر بہتر بنا سکتے ہیں اور وہ چیز آپ خود ہیں۔(الڈوس ہکسلی)
- جو کتابیں آپ کو سب سے زیادہ سوچنے پر مجبور کرتی ہیں وہی آپ کی سب سے زیادہ مدد کرتی ہیں۔(تھیوڈر پارکر)
- اپنے اندر موجود پوشیدہ صلاحیتوں کو نکھاریں۔ جو مِل گیا ہے اس کے لیے شکر ادا کریں اور جو نہیں ملا اس کے لیے جدوجہد کریں۔
- کامیابی کسی کو ورثہ میں نہیں ملتی اور نہ ہی ذات' مذہب اور معاشی حیثیت سے' اس کی کنجی ہے صحیح محنت، اپنی ذہانت کا صحیح استعمال۔
- جو اقوام وقت کی قدر کرتی ہیں کامیابی ان کے قدم چومتی ہے اور جو قومیں وقت کو برباد کرتی ہیں وہ ناکام و نامُراد ہی رہتی ہیں۔
- جس طرح ایک انسانی جسم کی نشوونما کے لیے خوراک ضروری ہے بالکل اسی طرح قلب و ذہن کی روحانی خوراک کے لیے مطالعہ ضروری ہے۔
- ہمیں خود کو بہتر بنانے پر کام کرنا چاہیے۔ جو کام ہم کر رہے ہیں اسے خوب سے خوب تر کرنے کی کوشش کرتے رہنا چاہیے۔ یہی زندگی میں آگے بڑھنے کا راستہ ہے۔
- دوستوں جس دِن آپ کی ''موبائل فون والی لت'' کتابوں کی لت میں بدل جائے گی نا پھر کامیابی آپ کے پاس خود چل کر آئے گی۔
- دوُر سے ہمیں آگے کے سبھی راستے بند نظر آتے ہیں کیوں کہ کامیابی کے راستے ہمارے لیے تبھی کُھلتے ہیں جب ہم اُس کے بالکل قریب پہنچ جاتے ہیں۔
- آپ خود ہی اپنے لیے بہترین دِلاسہ ہیں' بہترین دوست' بہترین دُنیا' اور مشکل وقت میں بہترین

تھپکی، جو آپ کو کبھی ہارنے نہیں دیتی۔

- ناکامی کا مطلب یہ نہیں کہ آپ ہمت ہار کر ایسے گرے کہ دوبارہ اُٹھ ہی نہ سکیں۔ جان لیجیے کہ ناکامی کے بعد ہی کامیابی کا راستہ کُھلتا ہے۔
- جب تک آپ اپنے پنکھ نہیں کھولیں گے تب تک آپ کو یہ پتہ نہیں چلے گا کہ آپ کتنی اونچائی تک پرواز کر سکتے ہیں۔
- صرف خود کی نہیں دوسروں کی غلطیوں سے بھی سیکھنے کی کوشش کرو، وہ تمھیں زیادہ تجربہ فراہم کرے گا اور تمھیں نئی غلطی کرنے سے بچائے گا۔
- اگر زندگی میں تم نے ہمیشہ آسان کام کیا تو زندگی تمھاری مشکل ہو جائے گی۔ اگر زندگی کو بنانے کے لیے تم نے مشکل کام کیا تو تمھاری آگے آنے والی زندگی آسان ہو جائے گی۔
- کسی کو دِکھانے کے لیے نہیں بلکہ خود کو بہتر بنانے کے لیے محنت کرو، کیوں کہ آپ کی محنت ہی آپ کی پہچان ہے ورنہ ایک نام کے تو لاکھوں انسان ہیں!
- آپ کے موجودہ حالات یہ طے نہیں کرتے کہ آپ کہاں تک پہنچ سکتے ہیں، وہ صرف اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آپ کہاں سے شروع کریں۔
- اگر آپ گزرے وقت کے بارے میں شکایات کرتے ہوئے وقت گزارتے ہیں تو آپ اپنے آنے والے کل کو کبھی بہتر بنانے کے لیے وقت نہیں نکال سکتے۔
- تعلیم دراصل سماج کی رُوح ہوتی ہے، تعلیم ایک نسل سے دوسری نسل منتقل ہوتی ہے اور یہ سلسلہ یوں ہی جاری رہتا ہے، اس لیے تعلیم کی اہمیت بہت ہے۔
- آپ تعلیمی میدان میں ہیں، نوکری کر رہے یا کاروبار، ہر صورت کامیابی کا سوچیں اور یقین رکھیں کہ آپ کامیاب ہی ہوں گے تو دِل خود محنت پر بھی آمادہ ہوتا ہے۔
- کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو زندگی کو زندگی کی طرح بھرپور انداز میں جیتے ہیں اور کچھ لوگ

صرف دُنیا میں آنے کی رسم نبھاتے ہیں، وہ زندگی کو نہیں بلکہ زندگی انہیں گزارتی ہے۔

- کھیل کے میدان میں وہی شخص تعریف کا مستحق ہوتا ہے جو جیت سے پھولتا نہیں' ہار سے روتا نہیں' جیتے تب بھی کھیلتا رہے' ہارے تب بھی کھیلتا رہے۔
- زندگی میں ایسے بہت سے ناکام لوگ ہوتے ہیں جنہیں یہ احساس ہی نہیں ہو پاتا کہ وہ کامیابی کے بالکل قریب پہنچ گئے ہیں اور تبھی وہ ہار مان لیتے ہیں۔
- مایوسی اور نا اُمیدی کو اپنی زندگی سے نکال پھینکنا چاہیے اور اپنے بلند اِرادوں اور عظیم مقاصد کی روشن مشعل کو لے کر آگے بڑھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ منزل ضرور قدم چومے گی۔
- سخت محنت کے بغیر کامیابی کی تمنا کرنا ایسا ہی ہے جیسے آپ وہاں سے فصل کاٹنے کی کوشش کر رہے ہوں جہاں آپ نے بیج بویا ہی نہ ہو!
- قومیں وہی ترقی کرتی ہیں جن کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کا ہنر آتا ہے یہ ہنر اِسی قوم کو آتا ہے جو وقت اور اکثر وقت کے آگے چلنے کا فن رکھتی ہیں۔
- انرجی اور تسلسل سے آپ کچھ بھی فتح کر سکتے ہیں مگر بدقسمتی سے بہت سے لوگوں کو یہی معلوم نہیں ہوتا کہ زندگی میں کرنا کیا ہے اور کس منزل کو فتح کرنا ہے۔ (بنجامن فرنکلِن)
- ''کولمبس نے امریکہ دریافت کیا'' اس جملے کو ایک شخص چند سیکنڈ میں اپنی زبان سے ادا کر سکتا ہے مگر اس واقعے کو ظہور میں لانے کے لیے کولمبس کو ۲۰ رسال صرف کرنے پڑے۔
- یاد رکھیے کہ مطالعے کا ذوق پیدا کرنے میں طالب علمی کا زمانہ نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اگر اِس زمانہ میں مطالعہ کا ذوق پیدا نہ ہو تو عموماً بعد میں کبھی پیدا نہیں ہوتا ہے۔
- منزلوں نے سدا اِن کے قدم چومے ہیں جو اپنا خود حوصلہ رہے ہیں جنھوں نے مشکل اور ناسازگار حالات میں بھی کبھی حوصلہ نہیں ہارا بلکہ مشکل اوقات میں بھی زندگی کے محاذ پر ڈٹ کر کھڑے رہے ہیں۔

- اِس دُنیا میں ناممکن کچھ بھی نہیں ہم وہ سب کر سکتے ہیں جو ہم سوچ سکتے ہیں اور ہم وہ سب سوچ سکتے ہیں جو ہم نے کبھی نہیں سوچا' کیوں کہ سب کچھ ممکن ہے۔
- آگے بڑھنے کے لیے اوروں سے تعریف وستائش کی خواہش ایسی ہے کہ ہم اپنے لگام کسی اور کے ہاتھ میں دے دیں وہ چاہے تو اپنے اچھے لفظوں سے ہمیں آگے بڑھائے چاہے تو تنقید کر کے پیچھے دھکیل دے۔
- کوئی شخص کسی کام کے تیئں ۳۰/منٹ کی سرگرمی دِکھاتا ہے، دوسرا کوئی ۳۰/دن تک دلچسپی لیتا ہے لیکن وہی آدمی زندگی میں کامیاب ہوتا ہے جو اِس کام کے لیے ۳۰/سال تک سرگرم رہتا ہے۔
- جہاں پر خدا موجود ہے وہاں پر مواقع بھی موجود ہیں۔ لہٰذا خدا سے کبھی لاتعلق نہ رہیں۔ مواقع آپ کے انتظار میں رہتے ہیں کہ آپ انہیں اپنی گرفت میں لیں اور ان سے خاطر خواہ استفادہ کریں۔
- چھوٹے منصوبے نہ بنائیں' کیوں کہ ان میں وہ جادو نہیں ہوتا جو انسان کو پُرجوش بنادے۔ اس لیے بڑے منصوبے بنائیں اور بلند ہمتی کے ساتھ انھیں پانے کے لیے محنت کریں۔
- یاد رکھیں! بلند خواب' واضح مقاصد' مضبوط حوصلہ اور مسلسل جدوجہد جیسے عوامل آپ کے اندر موجود ہیں تو آپ ایک بہتر سے بہترین انسان بننے سے زیادہ دوٗر نہیں ہیں۔
- سوچنے کی بات ہے فیصلے وقت نے کرنے تھے تو پھر جدوجہد اور کوشش کی کیا ضرورت تھی؟ انسان اگر ٹھہرا رہتا اور وقت کا انتظار کرتا رہتا تو انسان اکیسویں صدی میں تو پہنچ جاتا لیکن کیا چاند پر پہنچ سکتا تھا؟
- جب بھی پڑھائی کرنے بیٹھے یہ سوچ کر "آخری بار پڑھ رہا ہوں کل میرا امتحان ہے" یقیناً اس سوچ کے ساتھ کی گئی تیاری ایک الگ سطح کی ہوگی اور آپ بڑے سے بڑے امتحان کو آسانی سے پاس کرلوگے۔
- دُنیا میں بدقسمتی کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ بدقسمتی بالکل اسی طرح ہے جس طرح ندی کے بہاؤ میں کوئی رُکاوٹ آجاتی ہے اور ندی جب اس رُکاوٹ کو دوٗر کر دیتی ہے تو وہ پہلے سے بڑھ کر زور وشور

کے ساتھ بہنے لگتی ہے۔

- آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ ہمیشہ سب سے آگے رہیں۔ آپ زیادہ محنت کریں، اپنی رائے دیں، اپنے نظریات کو ثابت کرنے کی کوشش کریں اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہیں۔
- جب ایک دروازہ بند ہوتا ہے تو دوسرا کھل جاتا ہے۔ دوسرا بند ہوتا ہے تو تیسرا اور جب سارے دروازے بند ہو جاتے ہیں تو اللہ کے فضل کا دروازہ کھلتا ہے جو کبھی بند نہیں ہوتا۔
- آپ وہاں کیسے پہنچیں گے جہاں آپ جانا چاہتے ہیں؟ میرا ماننا ہے کہ آپ کی زندگی میں اُمنگ ہونی چاہیے۔ آپ کو خواب دیکھنا چاہیے، ہدف بنانا چاہیے اور اُسی کی تکمیل کے لیے محنت کرنی چاہیے۔
- کسی بھی شعبہ میں ترقی اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک عزم محکم نہ ہوں اور صحیح سمت میں رہنمائی کے ساتھ محنت نہ کی جائے۔ مستقل لگن اور محنت کے بعد ہی قوموں نے ترقی کے راز کو پایا تھا۔
- اگر آپ یہ سوچ کر پڑھنے بیٹھو کہ تین گھنٹے پڑھنا ہے اور جب پڑھ کر اُٹھو تو اُس وقت آپ کو پتہ چلے کہ آپ نے چھ گھنٹے پڑھائی کی ہے تب آپ سمجھ جانا کہ اب آپ کو کامیاب ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا!
- لڑکے اور لڑکیاں جو زمانہ طالب علمی گزار رہے ہیں انھیں اس بات پر خصوصی توجہ دینی چاہیے کہ جو مواقع انھیں اِس وقت حاصل ہیں، ان سے وہ پورا پورا فائدہ اُٹھانے کی کوشش کریں اور زندگی کے قیمتی لمحات کو ضائع کرنے سے بچیں۔
- سُکھ، غم، تکلیفیں اور پریشانیاں زندگی کا حصہ ہیں انہیں حصہ ہی رہنے دیں پوری زندگی نہ سمجھیں، پوری زندگی اللہ کی رحمت اور کرم ہے فضل اور مہربانی ہے جب انسان مسکرا سکتا ہو تو اسے ہر وقت رونا نہیں چاہیے۔
- جب آپ کسی مقصد کو حاصل کرنے کا عزم کریں تو سب سے پہلے اس کے لیے ضروری تیاری کریں اور جب شروع کر دیں تو منزل تک پہنچنے سے پہلے اس کو کسی بھی قیمت پر نہ چھوڑیں اور یہی کامیاب لوگوں کی صفت ہوتی ہے۔

- نوجوانوں کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ وہ چند بار کوشش کرنے کے بعد ہمت ہار جاتے ہیں اور پھر اپنی شکست اور ہار تسلیم کر لیتے ہیں، مگر دُنیا میں جن لوگوں نے تاریخی کامیابیاں حاصل کی ہیں ان لوگوں نے اتنی ہی ناکامیوں کا منہ بھی دیکھا ہے۔
- مطالعہ ہی انسان کی شخصیت کو ارتقاء کی بلند منزلوں تک پہنچانے کا اہم ذریعہ، حصولِ علم و معلومات کا وسیلہ اور عملی تجرباتی سرمایہ کو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل کرنے اور ذہن و فکر کو روشنی فراہم کرنے کا معروف ذریعہ ہے۔
- ''وقت'' ہمیں کبھی بھی اجازت نہیں دیتا کہ ہم واپس اپنے ماضی میں جا کر ان چیزوں کو ٹھیک کر دیں جو ہم نے ماضی میں غلط کی تھیں۔ لیکن ''وقت'' ہمیں یہ مہلت ضرور دیتا ہے کہ ہم اپنا ہر آنے والا دن، اپنے گزرے ہوئے دن سے بہتر گزار سکیں!
- اگر آپ خود پر یقین رکھیں اور لگن سے کام کرتے رہیں اور جو کچھ کریں اس پر آپ کو احساسِ فخر بھی ہو اور آپ اس سے کبھی دستبردار بھی نہ ہوں، تو آپ فاتح رہیں گے، جیتنے کیلئے جتنی بڑی قیمت چکانی پڑتی ہے، جیتنے کا اِنعام بھی اُتنا ہی بڑا ہوتا ہے۔
- اپنے دلوں کو مضبوط بناؤ اور اپنے دِماغوں کو سوچنے کی عادت ڈالو۔ عزیزو! تبدیلیوں کے ساتھ چلو یہ نہ کہو کہ ہم اس تبدیلی کے لیے تیار نہ تھے بلکہ اب تیار ہو جاؤ۔ ستارے ٹوٹ گئے لیکن سورج تو چمک رہا ہے۔ اس سے کرنیں مانگ لو اور اُن کو اندھیری راہوں میں بچھا دو جہاں اُجالے کی سخت ضرورت ہے۔ (مولانا ابوالکلام آزاد)
- قوتِ حافظہ کے لیے جہاں دوائیں استعمال اور وظائف کیے جاتے ہیں وہیں ایک دوا مطالعہ بھی ہے، امام محمد بن اسماعیل بخاری سے عرض کی گئی حافظے کی دوا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا ''ادمان النظر فی الکتب''، یعنی کتب بینی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم مطالعے کو اپنی عادت بنائیں۔
- ماہر نفسیات کہتے ہیں! ناپ تول کر الفاظ ادا کیجئے، کبھی یہ نہ کہیں کہ ''میں کامیاب نہیں ہوں گا''،

''میری زندگی فضول ہے''، ''میں کچھ نہیں کرسکتا'' یاد رکھیں آپ کا دِماغ ''مذاق'' پسند نہیں کرتا۔ جو کچھ آپ کہتے یا سوچتے ہیں آپ کا دِماغ اُسی بیان پر اپنی کارروائی شروع کر دیتا ہے۔

- ماضی چاہے جیسا بھی ہو اس کا اپنا ایک حُسن ہے لیکن ماضی، ماضی میں رہنے کے لیے نہیں ہے۔ ماضی سیکھنے کے لیے ہے۔ ان غلطیوں سے جو ماضی میں ہوئیں۔ ماضی کو اس لیے یاد کرنا چاہیے تا کہ اس دَور میں کئے گئے تجربات کے دوران جو غلطیاں ہوئی تھیں، مستقبل میں ان سے بچا جائے۔
- آسان زندگی کی دُعا ہرگز نہ کریں بلکہ مضبوط تر انسان بننے کی دُعا کریں۔ ایسے کام سرانجام دینے کی دُعا ہرگز نہ کریں جو آپ کی قوت کے دائرے کے اندر ہوں بلکہ ایسی قوت حاصل کرنے کی دُعا کریں جو آپ کے کام سرانجام دینے کے اہل ہو۔ تب آپ کا کام کرنا ایک معجزہ نہیں ہوگا بلکہ آپ خود سراپا معجزہ ہوں گے۔
- شاہین ۱۵؍ ہزار فٹ کی بلندی پر آسانی سے اُڑان بھر سکتا ہے۔ اس پہلو سے سبق حاصل کرتے ہوئے نوجوانوں کو اپنی مثبت، بلند سوچ وافکار کے ساتھ اپنا مقصدِ زندگی متعین کرنا چاہیے۔ وہ بُری صحبت سے گریز کریں، ایسی صحبت سے تنہائی بہتر ہے، انہیں اپنا مقصدِ حیات حاصل کرنے کے لیے کامیابی کے راستے میں پیش آنے والی مشکلات کا ثابت قدمی کے ساتھ ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہیے۔ شاہین آندھی و طوفان میں دوسرے پرندوں کی طرح گھونسلوں میں چھپ کر بیٹھنے کی بجائے طوفان سے لطف اندوز ہوتا ہے اور طوفان کی مخالف سمت میں اُڑ کر مزید اونچائی پر اُڑتا ہے۔
- ہم جانتے ہیں کہ ہم کیا ہیں لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم کیا ہو سکتے ہیں؟
- تم خود سوچو کہ کیا ہو تُم؟ اگر جواب سے مطمئن ہو تو سمجھ جانا کہ کامیاب ہو تم!

**{ختم شُد}**

# حصہ (ب) ۱۰۰ تحریکی اشعار

جو اپنی فکر کو اوُنچی اُڑان دیتا ہے
خُدا بھی اس کو اوُنچا مقام دیتا ہے

مایوس مت ہو بندے وجود تیرا چھوٹا نہیں
تُو وہ کرسکتا ہے جو کسی نے سوچا نہیں

ہزار برق گرے لاکھ آندھیاں اُٹھیں
وہ پھول کھل کے رہیں گے جو کھلنے والے ہیں

اُمیدوں کے دیے بُجھایا نہیں کرتے
منزل دوُر ہے پاؤں ڈگمگایا نہیں کرتے

بجھیں چراغ مگر دِل رہے سدا روشن
سیاہ رات کو خطرہ اِسی کمال سے ہے

ہم اُٹھے اور چلنے لگے
راستے خود نکلنے لگے

زندگی سے شکوے تو سبھی کو ہے مگر
جو مزے سے جینا جانتے ہیں وہ شکایتیں نہیں کرتے

ہَوا چراغ بجھاتی ہے تم بھی یوں کرلو
چراغ ایسے جلاؤ ہَوا ہَوا ہوجائے

جب لگی طلب کچھ پانے کی
تو خود کو پورا جھونک دیں گے
ٹھوکریں کہتی ہیں مارا جائے گا
حوصلے کہتے ہیں دیکھ لیں گے

ہر کام آسان لگنے لگتا ہے
جب جنون سر پر سوار ہوتا ہے

منزل سے آگے بڑھ کر منزل تلاش کر
مل جائے تجھ کو دریا تو سمندر تلاش کر

ایسا نہیں تھا کہ ہم چراغ نہیں تھے
کمی بس یہ تھی ہم اُجالے میں جلے!

ابھی منزل دوُر ہے رُکنا نہیں ہے آئے گی ابھی مشکلیں ہزار جھکنا نہیں ہے

جلانے والے جلاتے ہی ہیں چراغ آخر یہ کیا کہا ہَوا تیز ہے زمانے کی

منزل بھی مل جاتی ہے جو سفر پر نکلتا ہے

اُڑان تو بھرنا ہے، چاہے کئی بار گرنا پڑے خوابوں کو پورا کرنا ہے چاہے خود سے بھی لڑنا پڑے

ارادہ، حوصلہ، ہمت اگر ہے تو آساں زندگی کا ہر سفر ہے

یوں ہی نہیں ملتی کامیابی کسی کو محنت کی آگ میں دِن رات جلنا پڑتا ہے

جو ہم میں کمیاں بتاتا ہے سمجھ لو وہ ہی ہمیں مکمل بناتا ہے

ہم بھی دریا ہیں ہمیں اپنا ہُنر معلوم ہے جس طرف بھی چل پڑیں گے راستہ ہو جائے گا

جب سو رہے ہوں گے سب تب بھی تجھ کو جاگ کر پڑھنا ہی ہوگا
بڑا خواب تُونے دیکھا ہے اُسے پورا کرنے کے لیے تجھے دن رات خود سے لڑنا ہی ہوگا

خود اپنے آپ چمکنے کی جس میں قدرت ہو وہ ذرّہ منتظر فیض آفتاب نہیں

منزلیں ملتی نہیں فقط خواب دیکھنے سے پاؤں کے چھالے گواہ ہے سفر منزل کے

قصور نیند کا نہیں جو آتی نہیں قصور تو خوابوں کا ہے جو ہمیں سونے نہیں دیتے

سیاہ رات نہیں لیتی نام ڈھلنے کا یہی تو وقت ہے سورج تیرے نکلنے کا

تیری کوشش بھی کامیاب ہوگی جب تیری یہ ضد آگ ہوگی

ہر چیز آسان ہے اس دُنیا میں اگر طاقت ہو تمہارے حوصلے میں

منزل زیادہ دوُر نہیں بس اپنی رفتار تھوڑی تیز کرنی ہے
آج خاموشی سے پڑھ کر کل اپنی کامیابی کی کہانی لکھنی ہے

اک نیند مرے خواب کو رکھتی ہے پریشاں اک خواب مجھے چین سے سونے نہیں دیتا

قسمت میں لکھی ہر مشکل ٹل جاتی ہے اگر ہو بلند حوصلے تو منزل مل ہی جاتی ہے

حد میں رہے کر کبھی کامیابی نہیں ملتی جیت کے لیے حد پار کرنی ہی پڑتی ہے

سنگ گراں ہے راہ میں حائل تو کیا ہوا منزل چھپی ہوئی تو تیرے حوصلوں میں ہے

پانی میں گرنے سے کوئی نہیں مرتا جان تب جاتی ہے جب تیرنا نہیں آتا
حالات کبھی مسائل نہیں ہوتے مسائل تبھی بنتے ہیں جب اُن سے نپٹنا نہیں آتا

اس سے پہلے کہ خواب مرجائیں اپنے خوابوں کی زندگی مانگو

اکیلے ہی طے کرنے ہوتے ہیں کچھ سفر زندگی کے ہر سفر میں ہمسفر نہیں ہوتے

جن کے ارادے محنت کی سیاہی سے لکھے ہوتے ہیں ان کی قسمت کے اوراق کبھی خالی نہیں ہوتے ہیں

وہاں طوفان بھی ہار جاتے ہیں جہاں کشتیاں ضد پر ہوتی ہیں

اپنی منزل تک وہی لوگ پہنچا کرتے ہیں جو کڑی دھوپ میں چھاؤں نہیں منزل ڈھونڈتے ہیں

چلتے رہوں گا راستے پر میں ماہر بن جاؤں گا
یا تو منزل مل جائے گی یا اچھا مسافر بن جاؤں گا

کیسے کہہ دوں کہ "تھک" گیا ہوں میں نہ جانے کس کس کا حوصلہ ہوں میں

اگر خوابوں میں جان ہوگی تبھی یہ منزل آسان ہوگی
جس دن پورے ہوں گے یہ خواب اُسی دن سے ہی اپنی پہچان ہوگی

یہ اندھیرے نہ ہوں گے چراغوں سے کم دِل جلاؤ یہاں روشنی کے لیے

منزل ان ہی کو ملتی ہے جن کے ارادے مضبوط ہوتے ہیں ورنہ خواب تو بہتوں نے دیکھے ہوتے ہیں

کوئی بھی ہدف انسان کی کوششوں سے بڑا نہیں ہے ہارا تو وہ ہے جو انسان کبھی لڑا نہیں ہے

فاصلے صدیوں کے لمحوں میں بدل جائیں گے عزمِ پرواز تو ہو طاقتِ پرواز کے ساتھ

ہارنے کا خوف نہیں جیتنے کی ضد ہے مجھ میں کتابوں کو پڑھ کر لکھنی ہے مجھے اپنی کامیابی کی کہانی

زندگی کی مشکلوں سے بھاگ جانا آسان ہوتا ہے زندگی میں ہر پہلو امتحان ہوتا ہے
ڈرنے والوں کو نہیں ملتا کچھ زندگی میں لڑنے والوں کے قدموں میں جہان ہوتا ہے

پکارتے رہے محفوظ کشتیوں والے میں ڈوبتا ہوا دریا کے پار اُتر بھی گیا

تیرنا سیکھنا ہے تو پانی میں اُترنا ہی ہوگا کنارے بیٹھ کر کوئی غوطہ خور نہیں بنتا

چل پڑے ہم جس طرف بھی آبلہ پا یانِ شوق خار سے گُل اور گُل سے گلستان بنتا گیا

طوفان میں تاش کا گھر نہیں بنتا رونے سے بگڑا مقدر نہیں سنوارتا
دُنیا کو جیتنے کا حوصلہ رکھو ایک ہار سے کوئی فقیر نہیں بنتا

زمانہ داستانِ عزم جب ترتیب دیتا ہے سرِ فہرست آجاتے ہیں دیوانوں کے نام اکثر

تھوڑا ڈوبونگا مگر میں پھر تیر آؤں گا اے زندگی تو دیکھ میں پھر جیت جاؤں گا

پرواز ہو تیری شاہین کی پرواز سے آگے رکھنا ہے قدم وقت کی آواز سے آگے

کئی جیت باقی ہے کئی ہار باقی ہے ابھی تو زندگی کا نچوڑ باقی ہے
یہاں سے چلے نئی منزل کے لیے یہ تو ایک ورق تھا ابھی تو پوری کتاب باقی ہے

زندہ رہنے کی تمنا ہو تو ہو جاتے ہیں فاختاؤں کے بھی کردار عقابوں والے

جب آنکھوں میں ارمان لیا منزل کو اپنا مان لیا
ہے مشکل کیا آسان کیا جب ٹھان لیا تو ٹھان لیا

بدلنے والے زمانے کو خود بدلتے ہیں زمانہ خود کو بدلتا نہیں کسی کے لیے

اچھا ہوا جو دَورِ سفر میں دھوپ ملی اگر چھاؤں ملتی تو کب کا سو گئے ہوتے!

جس انسان کی سوچ بڑی ہوتی ہے　　اُسی کے سفر میں پریشانیاں کھڑی ہوتی ہیں

زندہ رہنا ہے تو میر کارواں بن کر رہو　　اس زمیں کی پستیوں میں آسماں بن کر رہو

مشکل راستوں پر چل کر ہی تُو منزل کو پائے گا　　زمانے کو کامیابی کی نئی کہانی بتائے گا

قدم جو آگے کو اُٹھتے ہیں پھر نہیں سکتے　　کنارِ بحر پہ ہم کشتیاں جلا آئے

جس کی کانٹوں میں بھی چلنے کی ضد ہوتی ہے　　اس زمانے میں اُسی کی ترقی ہوتی ہے

نہ چھوڑ عزم کا دامن، نظر اُٹھا وہ دیکھ　　قریب آگئی منزل، سفر تمام ہوا

سفر کی حد ہے وہاں تک کی کچھ نشان رہے　　چلے چلو کہ جہاں تک یہ آسمان رہے
یہ کیا اُٹھائے قدم اور آگئی منزل　　مزہ تو تب ہے کہ پیروں میں کچھ تھکان رہے

شعور و فکر اگر جز و زِندگی ہوجائے　　جہاں جہاں بھی نظر جائے روشنی ہوجائے

نہ پوچھو کہ میری منزل کہاں ہے　　ابھی تو سفر کا اِرادہ کیا ہے
نہ ہاروں گا حوصلہ عمر بھر یہ میں نے　　کسی سے نہیں خود سے وعدہ کیا ہے

طوفان سے لڑنے کا سلیقہ ہے ضروری　　ہم ڈوبنے والوں کی حمایت نہیں کرتے

خواب پورا کرنے کی ابھی شروعات ہوئی ہے　　محنت سے ابھی یہ میری پہلی ملاقات ہوئی ہے
کسی سے جیتنا میری فطرت نہیں ہے　　اور خود سے ہار جاؤں ایسا میرا وجود نہیں ہے

وقت کے قدرداں کی نظروں میں زندگی مختصر نہیں ہوتی

جب کامیابی کی خواہش آپ کو سونے نہ دے جب محنت کے علاوہ اور کچھ اچھا نہ لگے
جب لگاتار کام کرنے کے بعد تھکاوٹ نہ ہو سمجھ لینا کامیابی کی نئی تاریخ رقم ہونے والی ہے

دشت تو دشت ہے دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے بحرِ ظلمت میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

ہارنے کے بعد بھی کھڑا ہونا چاہیے انسان کی جدوجہد اتنی بڑی ہونا چاہیے

عمر تھکا نہیں سکتی، ٹھوکریں گرا نہیں سکتی اگر ضد ہو جیتنے کی تو، ہار بھی ہرا نہیں سکتی

ابھی تو شروع کیا ہے ابھی تو تمھیں اُڑان دیکھنی ہے

جیتیں گے ہم یہ وعدہ کرو کوشش ہمیشہ زیادہ کرو
قسمت بھی روٹھے پر ہمت نہ ٹوٹے مضبوط اِتنا ارادہ کرو

منزل کیا ہے، راستہ کیا ہے حوصلہ ہو تو فاصلہ کیا ہے

تمھیں خود کو بدلنا ہوگا نیند کو قربان کر کے پڑھنا ہوگا

لاکھ دلدل ہو پاؤں جمائے رکھیے ہاتھ خالی ہی سہی اوپر اُٹھائے رکھیے
کون کہتا ہے چھنّی میں پانی رُک نہیں سکتا برف بننے تک حوصلہ بنائے رکھیے

چمن کی آن، بس اس پیڑ سے ہے جسے آندھی میں بھی جھکنا نہ آیا

حدیں شہر سے نکلی تو گاؤں گاؤں چلی کچھ یادیں میرے ساتھ پاؤں پاؤں چلی
سفر جو دھوپ کا ہوا تو تجربہ ہوا وہ زندگی ہی کیا جو چھاؤں چھاؤں چلی

مانا کہ وقت ستا رہا ہے مگر کیسے جینا ہے وہ بھی تو بتا رہا ہے

زندگی کی آہ میں بھی جو واہ ڈھونڈ لیتے ہیں بس وہی جینے کا انداز سیکھ لیتے ہیں

رات جیسے بھی ہو بسر ہوگی جاگ جائیں جب سحر ہوگی

ہر نئی شروعات ہمیں ڈراتی ہے پر یاد رکھو کامیابی مشکلوں کے پار نظر آتی ہے

زندگی کانٹوں کا سفر ہے حوصلہ اس کی پہچان ہے
راستے پر تو سبھی چلتے ہیں جو راستہ بنائے وہی انسان ہے

نکل جا عقل سے آگے کہ یہ نور چراغ راہ ہے منزل نہیں ہے

جو ہوگیا اُسے سوچا نہیں کرتے جو مِل گیا اُسے کھویا نہیں کرتے
کامیابی بھی اُنھیں حاصل ہوتی ہے جو ''وقت اور حالات'' پر رویا نہیں کرتے

کس نے کہا تُو اکیلا ہے' آئینے میں جا کے دیکھ دُنیا کا سب سے طاقتور انسان تیرے سامنے کھڑا ہے

زندگی اور سکوں؟ اے راہیؔ آپ بھی کیسی بات کرتے ہیں!

منزلیں بھی ضدی ہیں راستے بھی ضدی ہیں دیکھتے ہیں کل کیا ہوگا کیوں کہ حوصلے بھی ضدی ہیں

فلک پر جب چمکتا ہے ہمارے عزم کا سورج　　اندھیرے خود بہ خود تاریکیوں میں ڈوب جاتے ہیں

خود سے غافل ہے خلاؤں میں سفر کرتا ہے　　خود سے واقف ہو تو انسان کہاں تک پہنچے

محنت سے ایک دِن شور ہوگا　　یاد رکھنا اپنا بھی ایک دَور ہوگا

بغیر پڑھائی کے زندگی کا سفر ادھورا ہوگا　　پڑھنے سے تیرا ہر ہدف پورا ہوگا

یقین کیجیے نہ کیجیے یہ آپ کی مرضی　　مرے چراغ ہَوا کا شکار کرتے ہیں

آدمی وہ نہیں حالات بدل دے جس کو　　آدمی وہ ہے جو حالات بدل دیتا ہے

نہ جانے کتنے مسائل کا حل نکل آئے　　اگر حیات کا مقصد سمجھ میں آجائے

زندگی اور صرف جینے کے لیے　　زندگی اِتنی تو بے مقصد نہیں!

{ختم شُد}

طلبہ وطالبات وقارئین کرام سے ادباً گزارش کی جاتی ہے کہ وہ میرے والدہ محترمہ ومحترم المقام والد جناب قادر خان صاحب مرحوم اور برادرِ حقیقی جناب نور خان صاحب مرحوم کے لیے مغفرت کی دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اُنھیں جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

دعاؤں کا طالب
مرتب
عبدالحمید خان غضنفرؔ (معاون مدرّس)

ان شاء اللہ آئندہ پروجیکٹ ''۵۰۰ ضمیر کو جگانے والے پسندیدہ اشعار'' بہت جلد منظرِ عام پر آئے گا۔ جو طلبہ و طالبات و قارئین حضرات میں فرائض کی شناسی، احساسِ ذمہ داری، انسانیت کا درد، ان سب کو پروان چڑھا کر اپنے اندر ضمیر کا جذبہ پیدا کرے گا، ان شاء اللہ۔

اِس پروجیکٹ میں شامل چند پسندیدہ اشعار مندرجہ ذیل ہیں۔

## پسندیدہ اشعار

☆ میں نے یہ سوچ کر ٹھکرادی نوازش اُن کی
کہ رِزق پتھر میں بھی کیڑے کو خدا دیتا ہے

☆ دِل صاف ہو تو زہر اُگلتی نہیں زباں
روشن چراغ سے کبھی اُٹھتا نہیں دھواں

☆ احساسِ حیا جب تک آنکھوں میں نہیں پلتا
پردہ نہیں ہوتا ہے دیوار اُٹھانے سے

☆ ایسا نہیں کوئی جو کہے میں ہوں خود خراب
ہر شخص کہہ رہا ہے زمانہ خراب ہے

☆ اِس سے پہلے کہ اُٹھے غیر کی اُنگلی لوگو!
اک نظر اپنے بھی کردار پہ ڈالی جائے

☆ سچ کہنا عبادت ہے پھر بھی دوستو!
اندھے کو بھی بُرا ہے سامنے اندھا کہنا

☆ ایک چڑیا نے بنانے کے لیے گھر اپنا
اِتنی خودداری تھی خود نوچ لیا پَر اپنا

☆ آدمی سے انساں تک پہنچو گے تو سمجھو گے
کیوں چراغ کے نیچے روشنی نہیں ملتی

☆ صحرا کی دوستی سمندر سے تھی مگر
غیرت میں اپنی پیاس کا شکوہ نہ کرسکا

☆ آنکھ روتی نہیں دِل پگھلتا نہیں
رسم بن کر میری بندگی رہ گئی

تیار کردہ: عبدالحمید خان غضنفرؔ (معاوِن مدرّس)

اَلْعَظْمَتہِ اللّٰہِ

# اعتبار نیوز

یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

ناندیڑ نیوز ریاستی قومی خبریں مضامین ادبی اسلامی تحریک طالب علم

**https://aitebarnews.com**

عبدالحمید خان غضنفر (معاون مدرّس) کی تخلیقات وانتخاب

تحریک طالب علم کے تحت

آن لائن ’’اعتبار‘‘ نیوز پورٹل پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

## تحریک طالب علم

☆ تحریکی شخصیات ☆ اقوالِ زرین ☆ شاعری

☆ لطائف ☆ حیرت انگیز معلومات ☆ جنرل نالج

☆ کریئر وگائیڈنس ☆ ریاستی وقومی اسکیمات ☆ متفرق

طلباء وطالبات اور نئے قلمکار اپنی تخلیقات ومراسلہ جات آن لائن ’’اعتبار نیوز‘‘ پورٹل پر شائع کرنے کیلئے aitebarnews@gmail.com یا واٹس ایپ نمبر 9028167307 پر روانہ کریں۔

☆☆☆